انجینئر سید محمد فضل آغا: جناب والا! وزیر محترم صاحب نے یہ جو فرمایا ہے بالکل صحیح ہے طلباء اس طرح کرتے رہتے ہیں۔ جب بھی یہ ٹور پر جاتے ہیں تو اس طرح کی غلطیاں ان سے ہو جاتی ہیں۔ انہوں نے اس میں دو تین باتیں کی ہیں۔ ایک تو یہ کہ طلباء کے پاس اسلحہ تھا۔ وہاں نو گھنٹے تک ٹرین رکی رہی اور طلباء کی چیکنگ ہوئی اگر ان کے پاس اسلحہ ہوتا تو نکل آتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ سٹیشن پر صرف پولیس کے پاس اسلحہ ہوتا ہے۔ اگر ان پر فائرنگ ہوئی ہے تو کیا پولیس نے ان پر فائرنگ کر کے ان کو مار دیا ہے۔ آخر وہ کون لوگ تھے جنہوں نے ان پر فائرنگ کر کے ان لڑکوں کو مار دیا ہے۔ یہ بہت اہم واقعہ ہے اور اس کا تعلق دو صوبوں سے ہے۔ صرف لاڑکانہ کی انتظامیہ کی تحقیق اور انکوائری سے ہمارے صوبے کے لوگوں اور ہمارے جذبات کی تشفی نہیں ہو سکتی۔ اس کے لئے ایک باقاعدہ انکوائری کمیٹی مقرر ہونی چاہئے جو فیڈرل لیول پر ہو کیونکہ یہ معاملہ پراونشل لیول کا بھی نہیں ہے۔ اس میں دو صوبے ملوث ہوتے ہیں۔ ایک صوبہ بلوچستان ہے جس کے طلباء تھے دوسرے صوبہ سندھ ہے جس کے لڑکوں نے فائرنگ کر کے

طلباء کو مارا ہے۔ دوسرے ریلوے انتظامیہ بھی اس میں ملوث ہے۔ کیونکہ وہاں پر نو گھنٹے ٹرین رکی رہی۔ اگر اس حادثہ کے بعد فوراً ٹرین کو سٹیشن سے نکال دیا جاتا تو یہ نہ ہوتا یا پولیس بروقت کارروائی کرتی۔

جناب چیئرمین! آپ تحریک پر بول رہے ہیں جو کہ ابھی زیر بحث نہیں ہے زیر بحث صرف ایڈمسیبلٹی ہے۔

انجینئر سید محمد فضل آغا: ایڈمسیبلٹی کے لئے میں نے عرض کیا کہ یہ ارجنٹ نیچر کا ہے اور پبلک انٹرسٹ کا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ Subjudice ہے اور ایک جوڈیشل انکوائری اس پر ہو رہی ہے۔

انجینئر سید محمد فضل آغا: جناب وہ جوڈیشنل انکوائری صوبائی سطح پر ہو رہی ہے جس سے ہم مطمئن نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! اگر آپ مطمئن نہیں ہیں تو اپنی ایڈمنسٹریشن کو اپروچ کریں۔ جہاں تک تحریک التواء کی ایڈمیسبلیٹی کا تعلق ہے یہ نہیں ہو سکتی۔ The motion is ruled out of order

قاضی حسین احمد: جناب والا! میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ واقعی اہم معاملہ ہے اور لاڑکانہ کی انتظامیہ اس میں ملوث ہے۔ اس لئے لاڑکانہ ہی کی انتظامیہ کے ذریعے اس کی انکوائری کرنے سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے۔

جناب چیئرمین! تعزیراتی قوانین کو جب تک آپ تبدیل نہیں کرتے اس وقت تک جہاں پر جرم ہوتا ہے وہاں کی پولیس، وہاں کی انتظامیہ ہی مجاز ہے کہ انکوائری کرے۔ آپ سب قوانین بدل دیں۔ فی الحال ہم ایڈمیسبلٹی کو ہی ڈسکس کر رہے ہیں اور چونکہ جوڈیشل انکوائری اس پر ہو رہی ہے اس لئے Motion is ruled out of order

اگلی احمد میاں سومرو صاحب کی ہے۔ Revision of Baggage Rules

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, I move that this House do adjourn to discuss an urgent matter of public importance and recent occurrence namely the Government decision to revise the Baggage Rules which has caused great public resentment.

**Mr. Chairman :** Is any body opposing it from the Government side ?

I think he is not in position to do that.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Therefore, put it to the House whether they admit it for discussion.

جناب اقبال احمد خان: جناب اس کو کل ٹیک اپ کر لیا جائے تاکہ میں اس سلسلے میں پتہ کر لوں۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Sir, it has already been deferred from 22nd to 29th.

**Mr. Chairman :** Right. It has come up today.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Deferred to what date Sir ?

جناب چیئرمین: جناب اقبال احمد خان صاحب ۹ کو کر لیں۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! ۹ کو شاید اجلاس نہیں ہو گا اور اگر ہو گا بھی تو میں حاضر نہیں ہوں گا۔ ۱۰ کو کر لیں۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Is there any sitting on 10th ?

**Mr. Chairman :** Yes, we are meeting on 10th.
Disconnection of water connections in Islamabad.

اگلی مولانا کوثر نیازی صاحب کی ہے۔

## ADJOURNMENT MOTION RE: DISCONNECTION OF WATER CONNECTIONS IN ISLAMABAD

مولانا کوثر نیازی: ایک معتبر اطلاع کے مطابق اسلام آباد کے ہزاروں شہریوں کے واٹر سپلائی کے کنکشن کاٹے جا رہے ہیں کیونکہ سی ڈی اے نے یک لخت پچھلے کئی سالوں کے واجبات ان کے بلوں میں شامل کر دئے ہیں جبکہ شہریوں کا کہنا ہے کہ وہ یہ واجبات پہلے ہی ادا کر چکے ہیں۔ ان دنوں ہجوم در ہجوم شہری سی ڈی اے کے دفاتر کا طواف کر رہے ہیں اور اس کی وجہ سے مکانات کے کرایہ داروں اور مالکان مکان نیز مکان خریدنے والوں اور بیچنے والوں کے درمیان جھگڑے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ ستم یہ ہے کہ سی ڈی اے ان واجبات کو ماہوار قسطوں میں بھی وصول کرنے کے لئے تیار نہیں۔ شہری پچھلے دنوں کی فائلیں حکام کو دکھاتے پھر رہے ہیں جبکہ ہزاروں شہریوں جنہوں نے سالہا سال پہلے کے بل محفوظ نہیں رکھے، سی ڈی اے پر سنگین الزامات عائد کئے ہیں۔ سی ڈی اے کی اس نااہلی سے جو صورت حال پیدا ہوئی ہے میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed ? Mr. Zain Noorani.

**Mr. Zain Noorani :** Before I oppose it Sir, let me say that I have great respect for the honourable Senator and I feel so sad that I just cannot express myself when I have to oppose an adjournment motion on technical grounds. But the present adjournment motion, in my opinion, does not qualify to be one in view of Rule 71 (a, b, c,). First of all, it does not raise an issue of urgent public importance as it is understood. Now even the beginning of it, the notice of the adjournment motion says. ایک معتبر ذریعہ کی وجہ سے It does not qualify, what the *Motaabar Zaria* is and when, where and how that *Motaabar Zaria* gives the news. Then secondly (b) that it shall relate substantially to one definite issue. Now, if you read the notice, it is a composition of three or four different issues all put together in it. The question of buyers and sellers of houses is there and their fights involve the incon venience to those who are defaulter in payment of bills. So it is not one single issue. Then it shall be restricted to a matter of recent occurrence. Now this non payment of bills and issuence of bills has been going on for years together so that also is not a matter of recent occurrence. At the moment I would like to restrict myself to these technical points only.

**Mr. Chairman :** Thank you. Maulana Kausar Niazi.

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! فاضل وزیر نے معتبر اطلاع پر اپنے قانونی نکات بہت اٹھائے ہیں۔ میں نے اپنی تحریک التواء کے ساتھ وہ معتبر ذریعہ لگا دیا تھا اور وہ اخبار کا تھا اور ڈیلی ''مسلم'' کا تھا۔ اگر وزیر صاحب کو وہ سرکولیٹ نہیں ہوا تو اس میں میرا کوئی قصور نہیں ہے۔ یہ میں نے گلی بازار سے کوئی افواہ نہیں سنی بلکہ ایک اخبار کی جو باقاعدہ دارالحکومت سے نکلتا ہے، اس کی چھپی ہوئی خبر پر میری تحریک التواء مبنی ہے قطع نظر اس کے کہ یہاں سے بیسوں لوگ بھی میرے پاس آئے اور انہوں نے اپنا حال زار بتایا۔

دوسری بات جناب والا! یہ کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ اس میں، میں نے بہت سے ایشوز اٹھائے ہیں۔ یہ بھی ان کی غلط فہمی پر مبنی ہے۔ ایک ہی ایشو ہے اور وہ issue یہ ہے کہ واٹر سپلائی کنکشن کاٹے جا رہے ہیں۔ اب واٹر سپلائی کنکشن کاٹے جا رہے ہیں اس کے نتیجے میں کیا مشکلیں پیش آ رہی ہیں، کیا دقتیں لوگوں کو درپیش ہیں انہیں میں نے Root cause کیا ہے، وہ الگ الگ مسئلے نہیں ہیں۔ وہ ایک ہی elaborate سے وابستہ ہیں اس لئے

ان کا یہ کہنا کہ اس میں بیک وقت بہت سے مسائل چھڑے گئے ہیں یہ بھی صحیح بات نہیں ہے۔ تیسری بات انہوں نے یہ فرمائی ہے کہ یہ ایک اہم مسئلہ نہیں ہے۔ پبلک کی اہمیت کا مسئلہ نہیں ہے۔ جناب والا! اگر پانی عوامی اہمیت کا مسئلہ نہیں ہے تو کیا کیک جو ہیں وہ عوامی اہمیت کا مسئلہ ہیں ؟ یعنی آپ لوگوں کو کوکا کولا پلائیں گے 'اگر پانی نہیں پلا سکتے' اور اس پر کوئی فریاد کرتا ہے کہ خدا کے لئے اسلام آباد کو کربلا نہ بنائیے تو اس پر یہ اعتراض اٹھتا ہے کہ یہ عوامی اہمیت کا مسئلہ نہیں ہے۔ عوامی اہمیت کا مسئلہ اور کون سا ہے اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ فاضل وزیر کے یہ تمام تر جو اعتراضات ہیں یہ سب بے بنیاد ہیں۔ جناب چیئرمین، ہی کوئی نکتہ خاص اس پر apply فرمائیں۔

جناب چیئرمین: وہ تو صاف ظاہر ہے

**Mr. Zain Noorani :** I would like to clarify thing Sir. First of all, I am grateful to the honourable Senator for having qualified what his sources are and there was a reason in my mentioning it in that way. Now, Sir, the copies which he has supplied are of an editorial in the 'Muslim' and a news item in the 'Muslim'. Strangely enough the date of publication of that news item or the editorial is not included in that. Why Sir, because the rule with regards to the admissibility of an adjournment motion and its urgency is most strictly followed and adhered to in all Houses of Parliament and therefore, I am quoting from Practices and Procedure of Indian Parliament by S.S. More, it says:

Speaker, Mavalankar has laid-down a test of urgency in the following words; I quote; 'the test of urgency visualized in respect of adjournment motions is best expressed in the old dictum of Speaker Peels in the House of Commons. He said, "what I think was contemplated, was the occurrence of some sudden urgency.' The crucial test always is as to whether the question proposed to be raised has risen suddenly and has created an emergence situation of such a character that there is *prima-facie* case of urgency and the House must therefore, leave aside all other business and take up the consideration of the urgent matter at the appointed hour. The urgency must be of such a character that the matter really brooks no delay and should be discussed on the same day......

مولانا کوثر نیازی: وزیر صاحب اگر آپ تھوڑی سی دلداری کی بات بھی فرما دیں تو کیا حرج ہے۔

**Mr. Zain Noorani :** Now Sir, comes the question of importance. I am afraid, I am dealing merely with admissibility of an adjournment motion whether it is a question of supplying of water.

Certainly I also feel that water is a very important thing for a citizen of Pakistan, certainly. But there are ways and rules which all of us including yourself have got to follow and I am helpless in that matter. I still persist that this matter is not of a nature which should be treated as an adjournment motion.

**Mr. Chairman:** Thank you. I think, here we are dealing with an issue which is in the nature of a dispute between the consumers of water of CDA and the CDA Administration. I think, if we start adjourning the business of the House, the regular business of the House to settle private bills with the Administration, then I think, this House would be doing nothing else except settling bills. There are two aspects of the case, either CDA is entitled to this recovery or it is not. If it is entitled to this recovery, whatever is provided under the law for the recovery of the bills, I think, they are perfectly free to follow the course. If on the other hand the act is illegal then there are legal and administrative avenues open to the consumers and they can appeal against the action of the CDA and they surely will find a redress. So I think for these reasons I hold the motion out of order. This also brings us to the end of the half an hour of adjournment motions.

I think, we have on the Order of The Day apart from further discussion on the report of the Council of Islamic Ideology, discussion on three adjournment motions. Perhaps for the discussion on the adjournment motion, we would allocate two hours towards the end of the day and I don't know at what time you would like to finish today's buysiness. But if we work up till 8.30 then I think the adjournment motion can be taken up at 6.30. In the meantime we can continue with discussion on the Council of Islamic Ideology's Report.

جناب چیئرمین: حاجی محمد عمر سینٹر نے درخواست کی ہے ان کو پہلے بولنے کی اجازت دی جائے تو ان کو اجازت ہے۔ وہ ارشاد فرمائیں۔

## DISCUSSION ON THE COUNCIL OF ISLAMIC IDEOLOGY'S REPORT FOR 1977-78

حاجی محمد عمر خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین صاحب و معزز اراکین سینٹ اسلام علیکم، یہ بات سب کو معلوم ہے کہ پاکستان کس مقصد کے لئے برصغیر کے مسلمانوں نے بھاری قربانیاں دے کر حاصل کیا۔ وہ صرف اسلام اور اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے حاصل کیا نہ کہ چند اشخاص کے اقتدار کے لئے اور وعدہ بھی خداوند تعالیٰ سے کیا گیا تھا کہ ہم

پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کریں گے مگر ۴۰ سال تک وہ وعدہ بر سر اقتدار طبقہ نے پورا نہیں کیا اور اپنے اقتدار کو طول دیتے رہے اور وہ اب اس دنیا میں موجود نہیں اور نہ ان کا کوئی نام لیوا ہے۔ اس کے برعکس ہندوؤں نے جنہوں نے ہمارے ساتھ انگریزوں سے آزادی حاصل کی تھی ایک سال بعد اپنا قانون نافذ کیا حالانکہ ہمارا قانون ۱۴ سو سال پہلے سے ایک مکمل ضابطہ حیات کی صورت میں موجود ہے جو روز قیامت تک رہے گا۔ ہمارا بر سر اقتدار طبقہ ۴۰ سال تک حیلوں بہانوں سے کام لیتا رہا ہے اور ان کے خیال میں یہ بات نہیں آئی کہ آخر ہمیں بھی مرنا ہے اور ہم سے وہاں باز پرس ہوگی۔ اب بھی اگر لیت و لعل سے کام لیتے رہے تو وہ دن دور نہیں کہ خداوند تعالیٰ کا عذاب ہم پر نازل ہو جائے گا اور ملک چار حصوں میں بٹ جائے گا وہ اس لئے کہ ہر صوبے کی زبان، بود و باش، لباس اور روایات جدا جدا ہیں۔ مشرقی پاکستان ہم سے ہزاروں میل دور تھا مگر اسلام کے رشتے نے اسے ہمارے ساتھ منسلک کیا تھا۔ جب سوشلزم کے انتخابات ۱۹۷۰ میں ہوئے تو وہ ہم سے جدا ہوا۔ اب یہ آخری موقعہ ہے اور یہ آپ کو خداوند تعالیٰ نے دیا ہے۔ اب اگر ہم اسلام سے روگردانی کرتے رہے تو نہ ہم بر سر اقتدار رہیں گے اور نہ موجودہ پاکستان رہے گا، بلکہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔ ہماری نیشنل اسمبلی اور سینٹ میں اعلیٰ پایہ کے علماء کرام موجود ہیں۔ ان کی سب کمیٹی بنا کر اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ ان کے حوالے کریں اور ان کو چند دن کی مہلت دے کر اپنی رپورٹ پیش کرنے کے لئے کہیں، خدارا مزید وقت ضائع نہ کریں، ابھی چند دن ہوئے ہمارے محترم صدر نے بھی ہم سے گلہ کیا ہے کہ ہم لوگ اسلام کی بجائے اپنے غیر ضروری کاموں میں لگ چکے ہیں۔ اس لئے ہم سب ممبران نیشنل اسمبلی و سینٹ کا فرض ہے..........

جناب چیئرمین: حاجی صاحب! مولانا صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

مولانا کوثر نیازی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین! حاجی صاحب کا مجھے بہت احترام ہے، بزرگ ہیں لیکن وہ ایک ایسی متنازعہ بات کو یہاں پیش کر رہے ہیں جس پر قومی اسمبلی میں پرو یلج موشن ایڈمٹ ہو چکا ہے۔ صدر صاحب کے ان ریمارکس پر قومی اسمبلی میں پرو یلج موشن ایڈمٹ ہو چکا ہے اور سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر ہو چکا ہے......

جناب چیئرمین: صحیح ہے، لیکن ان کو اپنے اظہار خیال سے نہیں روکا جا سکتا۔

مولانا کوثر نیازی: وہ انہی ریمارکس کو یہاں دہرائیں گے تو شاید اس ہاؤس کا بھی کچھ تھوڑا بہت پرو یلج ہے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے، وہی ریمارکس آج اسمبلی میں پھر دہرائے گئے ہیں۔ بہرحال، حاجی صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

حاجی محمد عمر خان: میں نے جناب مولانا کوثر نیازی صاحب کو تکلیف دی ہے۔ شاید میری تقریر سے ان کو تکلیف ہوئی ہو تو میں معافی چاہتا ہوں، میں حیران ہوں کہ اب تک ہم ایسی باتوں میں لگے رہے ہیں اور اسلام کو چھوڑ رہے ہیں۔ ہم نے نہ اسلام کا نام لیا، نہ کسی اسلامی قانون کا نام لیا، مجھے بہت ہی افسوس ہے۔ اور ایسے اشخاص جو کہ جانتے ہیں کہ ہمارے لئے اسلام کے سوا اور کوئی قانون نہیں، اور نہ ہو سکتا ہے۔ ہم سینٹ اور نیشنل اسمبلی میں صرف اور صرف اسلام کی بات کریں اور دوسرے بلوں پر اس وقت تک بات نہ کریں جب تک اسلامی قانون نافذ نہ ہو، ہمیں بھی آخر مرنا ہے جیسا کہ ہم سے پہلے اشخاص مر چکے ہیں۔ ہم سے باز پرس ہوگی، ہم خدا تعالیٰ کو کیا جواب دیں گے۔ اگر کوئی جواب آپ کے ذہن میں ہے تو ہمیں بھی بتایا جائے تاکہ ہم دوسرے جہاں میں جواب دے کر چھٹکارا حاصل کریں خدارا قوم کو مایوس نہ کریں کیونکہ ہمیں قوم نے صرف اسلامی نظام کی خاطر ووٹ دئے تھے نہ کہ ہمارے اقتدار کے لئے مزید برآں اسلامی نظام نافذ کرنے میں اتنے قواعد ہیں کہ اگر میں ان کو گنوں تو اس کے لئے کم از کم ایک ہفتہ درکار ہے اور وہ ممبران جو وزارتوں اور اعلیٰ عہدوں کے لئے کوشش کرتے ہیں پھر چپ چاپ آرام سے بیٹھ جائیں گے۔ بلکہ اکثر وزراء کرام اپنے عہدوں سے مستعفی ہو جائیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی قانون میں اتنی ذمہ داریاں ہیں اور ان کے کندھوں پر جو بوجھ پڑے گا تو وہ اٹھا نہ سکیں گے۔ میں سب معزز اراکین سینٹ اور خاص طور پر جناب چیئرمین صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میری تقریر کو صبر و سکون سے سنا، شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب محمد علی ہوتی، وہ تو آج شاید نہیں ہیں، عبدالرحیم میرداد خیل صاحب، آپ تقریر نہیں کریں گے، یا مغرب کے بعد کریں گے؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: آج نہیں کروں گا۔

جناب چیئرمین: آج نہیں کر رہے۔ جناب میر غلام حیدر تالپور (وہ بھی نہیں ہیں) اور کوئی صاحب مغرب سے پہلے تقریر کرنا چاہتے ہیں؟ جی، جہانگیر شاہ صاحب۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جیسے میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی جتنی سفارشات ہیں جس میں مجھے تھوڑا بہت شک پڑتا ہے وہ پوائنٹ بتاؤں گا، باقی تو تقریباً تقریباً انہوں نے سب چیزیں کی ہیں۔ اس کتاب میں سب سے پہلے جس آیت کو لکھا گیا ہے اس کا ترجمہ یہ ہے۔ "اے ایمان والو، تم پر مقتولوں کے بعد بھی قصاص فرض کر دیا گیا ہے۔ آزاد کے بدلے آزاد، غلام کے بدلے غلام،

عورت کے بدلے عورت' ہاں' جس کو کسی فریق مخالف کی طرف سے کچھ حاصل ہو جائے۔ تو مطالبہ معقول اور ظاہرہ طریقے سے کرنا چاہئے اور مطالبہ کو اس فریق کے پاس خوشی سے پہنچا دینا چاہئے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے رعایت اور مہربانی ہے۔ جو کوئی اس کے بعد بھی زیادتی کرے اس کیلئے آخرت میں عذاب دردناک اور تمہارے لئے قانون قصاص میں زندگی ہے تاکہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔" اب جناب دفعہ ۱۴' اور ۱۵' میں صلح کے متعلق دفعات شامل ہیں۔ اگر راضی نامہ ہو جائے۔ دیت پر فیصلہ ہو جائے تو قصاص نہیں لیا جائے گا۔ مگر دفعہ ۱۶ میں لکھا ہے کہ قصاص سے دستبرداری یا مصالحت کے بعد عدالت دفعہ ۱۴ اور ۱۵ کے مندرجات کا لحاظ کئے بغیر اپنی صوابدید کے مطابق کسی ایسے مجرم کو جس کے خلاف قصاص لینے کے حق سے دستبرداری اختیار کر لی گئی ہو' یا اس سے صلح ہو چکی ہو' تعزیر کا حکم سنا سکتی ہے۔ اسے قید محض یا قید بامشقت جس کی معیاد ۲۵ سال تک ہو سکتی ہے اور کوڑے مارنے کی سزا دی جا سکتی ہے جن کی تعداد چالیس سے زیادہ نہیں ہو گی۔

اب جناب اس میں بڑا عجیب سا تضاد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تو اس راضی نامے کو قبول کیا لیکن ہمارے قانون دان یہ چاہتے ہیں کہ اگر وہ بھی ہو جائے تو تب بھی تمہیں اختیار ہے کہ اس کو کوڑے مارنے کی سزا دو اور اس کو قید کی سزا دے دو' اور جیسا کہ پہلے میں نے اعتراض کیا تھا قرآن کے مطابق کسی چیز سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ قید کی سزا ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص فساد مچاتا ہو تو اس کے لئے بھی قرآن کے مطابق سزا مقرر ہے۔ مگر مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اسلامی نظریاتی کونسل میں جو بڑے بڑے علماء شامل ہیں وہ خدا کے قانون کے مقابلے میں حکومت کو تعزیرات کی صورت میں کس قسم کی طاقت دے رہے ہیں۔ جب تک انسان قرآن سے باخبر نہ ہو' حدیث سے باخبر نہ ہو' پھر اس کے بعد فقہ کی تمام تاریخ اور اسلامی دور کی تمام تاریخ سے واقف نہ ہو' تو یہ بات سمجھ سے بالاتر رہے گی کیونکہ خلفائے راشدین کے بعد جب خاندانی خلافت اسلامی امور میں داخل ہوئی' تو حکومت ہمیشہ تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لیا کرتی تھی تاکہ لوگوں پر بزور شمشیر حکومت کریں جو اسلام کی منشاء کے بالکل مخالف ہے۔ لہٰذا اس قانون کی اس دفعہ پر مجھے اعتراض ہے اور اگر خیال یہ ہو کہ اس نے زور سے راضی نامہ کرا لیا ہے تو حکومت یا قاضی کو یہ اختیار دیا جائے کہ اس کے باوجود بھی اس کے فساد کو دیکھتے ہوئے سزا دے۔ میں یہ سمجھتا ہوں' کہ فساد کے متعلق خود اس کا قانون موجود ہے اور فساد کبھی صلح سے نہیں ہوا' کیوں کہ فساد

فی الارض کا مطلب وہ لیا جاتا ہے کہ جو لوگ راستوں کو بند کرتے ہیں، قتل کرتے ہیں، ڈاکے ڈالتے ہیں۔ اس کے لئے قانون موجود ہے مگر فسادیوں نے حضرت عثمان کے گرد ۴۰ روز تک گھیراڈالے رکھا تھا اور ایسے مطالبے کر رہے تھے کہ تم استعفیٰ دے دو، انہوں نے استعفیٰ نہیں دیا

مولانا کوثر نیازی: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین! مجھے جو گیزئی صاحب کا احترام ہے مگر آپ ایک ایسی رپورٹ پڑھ کر اس پر گفتگو کر رہے ہیں جو ابھی اس ایوان میں زیر بحث ہی نہیں ہے۔ اس وقت زیر بحث رپورٹ مختلف ہے اس لئے اگر ہمارے پاس اتنا وقت تھا تو ہم اسے کسی اور کام میں استعمال کر سکتے تھے۔

جناب چیئرمین: کیا یہ ۷۸ - ۱۹۷۷ء کی رپورٹ سے نہیں ہے؟

مولانا کوثر نیازی: جی نہیں ہے۔ آپ کی بھی دریا دلی ہوتی ہے جب ہوتی ہے تو......

جناب شاد محمد خان: جناب والا! زیر بحث ۷۸ - ۱۹۷۷ء کی رپورٹ ہے جب کہ تیسری بار جو گیزئی صاحب کو آپ نے دی ہے، بار بار کی اگر اجازت ہو تو ہم بھی اس کو استعمال کریں گے۔

جناب چیئرمین: آپ ضرور کریں۔ جہاں تک رولز کا تعلق ہے اس میں ایسی کوئی پابندی نہیں ہے۔ Chair کی اجازت سے آپ اسی subject پہ کئی دفعہ بول سکتے ہیں۔ اگر اس طرح کی رپورٹ کی discussion ہو۔

جہاں تک مولانا صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کا تعلق ہے تو میں عرض کر دوں کہ جہانگیر شاہ صاحب نے پہلے دن یہ کہا تھا کہ ہم بجائے اس کے کہ ایک جنرل طریقے پہ یہ رپورٹ discuss کریں، خاص خاص پوائنٹ جس کے متعلق کسی کو شبہ ہو یا جس کے متعلق کوئی توضیح چاہتا ہو، پر بحث کی جائے کیوں کہ اس ایوان میں علماء اور قانون دان حضرات موجود ہیں۔ وہ یا تو ایک فہرست بنالیں تاکہ وہ ان پہ اپنی رائے کا اظہار کر سکیں اور یا پھر وہ جیسے کوئی points strike ہوتے ہیں وہ raise کریں۔ لیکن اس میں حدود کے قوانین کا ذکر ہے قصاص و دیت کا قانون بھی شاید فائنل فارم میں نہیں آیا۔ لیکن اگر ایک پوائنٹ ہو جائے جو آج یا کل وزارت انصاف کے کام آسکتا ہے تو قانون بناتے وقت وہ ذہن میں رکھ سکتے ہیں کہ بحث ہوئی ہے تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں لیکن میری آپ سب حضرات سے یہی اپیل ہے کہ جو زیر بحث رپورٹ ہے اسی کی سفارشات پر بولیں۔

جناب اقبال احمد خان : جناب والا ! آپ کا حکم بسروچشم ! لیکن شاید تواتر میں خلل آئے کیوں کہ ہم year-wise سفارشات کو compile کریں گے۔ اور ہمارے لئے آسانی رہے گی کہ اس رپورٹ میں نظریاتی کونسل کی کیا رائے تھی اور معزز ایوان نے کس رائے کا اظہار کیا ہے۔ اگر آپ مہربانی فرمائیں تو میں گزارش کروں گا کہ year-wise رپورٹ پر discussion ہو جائے کیوں کہ جو گیزئی صاحب نے کسی اور رپورٹ پر اظہار خیال فرمایا ہے اس سے ہمیں compilation میں دشواری نہ ہو.....

جناب چیئرمین : مجھے غلط فہمی اس بات سے ہوئی میرا خیال تھا کہ قوانین حدود بھی اس پہلی رپورٹ میں ہیں اور اگر نہیں ہیں تو آپ کا کہنا صحیح ہے۔ لیکن جہاں تک طریقہ کار کا تعلق ہے وہ آپ کی صوابدید پر ہے میں نے عرض کیا تھا کہ آپ کو فائدہ اس میں ہو گا کہ سب رپورٹوں پر بحث اکٹھی ہی ہو جائے۔ لیکن اس وقت وہ آپ صاحبان کو منظور نہیں تھا۔

Because there is a repetition from one report to another. The same items are coming up again.

اذان ہو رہی ہے to meet again at 6.20.

The House is adjourned.

[The House adjourned for Maghrab prayers]

---

[The House re-assembled after the interval with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair].

جناب چیئرمین : پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! میں آپ کی اجازت سے یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کل بھی دراصل میں نے اس مسئلے کو اٹھایا تھا، چونکہ آج یہ سوال آ گیا ہے اور میں چاہتا ہوں اس مسئلے پر آپ غور فرمائیں کیونکہ جو طریقہ ان رپوٹوں پر غور کا ہم نے اختیار کیا ہے میری نظر میں بڑا غیر حقیقت پسندانہ طریقہ ہے۔ مجھے شبہ ہے کہ اس طرح ہم ساری عمران رپورٹوں پر کھپا دیں گے اور ان کا جو اصل مقصد ہے وہ پورا نہیں ہو گا۔ میں یہ بات بڑے دکھ سے کہتا ہوں کہ پہلی مرتبہ پارلیمنٹ کے سامنے یہ اہم رپورٹیں آ رہی ہیں لیکن خصوصیت سے وزراء کرام اور سرکاری پارٹی یا میجارٹی پارٹی کی عدم دلچسپی کا جو حال ہے وہ پریشان کن ہی نہیں تشویش ناک بھی ہے۔ اس لئے میں یہ چاہوں گا کہ آپ اپنی سطح پر اور اگر آپ مناسب سمجھیں تو وزیر اعظم

اور سپیکر نیشنل اسمبلی اس پر غور فرمائیں۔ بات دراصل یہ ہے کہ پہلی مرتبہ سات سال کی رپورٹیں ہمارے سامنے آئی ہیں اس کے علاوہ تقریباً پندرہ بیس الگ رپورٹیں ہیں۔ کچھ قوانین پاکستان کے سلسلے میں اور کچھ متعین موضوعات پر اور کچھ بیس سالہ سفارشات کا مجموعہ ہیں۔ اگر ہر موضوع پر اس طریقے سے بحث کی جائے گی تو ہم کبھی بھی اس مسئلے کا حق ادا نہیں کر سکیں گے۔ میں یہ عرض کرونگا کہ آپ لوگوں کو اسے کچھ پڑھنے کا موقعہ دیجئے لیکن مجموعی طور پر تمام رپورٹوں پر بحث اکٹھی ہو، میں نے بنیادی سوال یہ اٹھایا تھا کہ آیا ہمارا مقصد ان رپورٹوں پر بحث کر لینا ہے یا کچھ حاصل بھی کرنا ہے۔ میں نے عرض کیا تھا کہ چار چیزیں ہی ہو سکتی ہیں۔ پہلی یہ کہ ان رپوٹوں کی بنیاد پر کچھ نئے قوانین بنائے جائیں۔ دوسری چیز یہ کہ قوانین تو ان موضوعات پر بنانا ممکن نہ ہو لیکن ایڈمنسٹریشن کو حکومت کو مختلف سطح پر واضح ہدایات دی جا سکتی ہیں۔ تیسری چیز یہ ہے کہ کچھ مسائل ایسے بھی ہو سکتے ہیں جن میں ہمیں کچھ اختلاف ہو، جہاں ہم مزید غور و خوض چاہتے ہوں اور چوتھی چیز یہ ہے کہ ہم کچھ چیزوں کو رد بھی کر سکتے ہیں یا نظر انداز بھی کر سکتے ہیں۔ تو ان چاروں پر توجہ صرف کیجئے اور اس کا راستہ میری نگاہ میں یہ ہے کہ جنرل بحث کرنے کے بعد جو متعلقہ سینٹ کمیٹیاں ہیں ان کو متعلقہ موضوعات دے دیں۔ وہ اپنی اپنی رپورٹ پر گہرائی میں جا کر مطالعہ کریں اور پھر ان چاروں کے فریم ورک میں جو میں نے پیش کیا ہے اپنی رپورٹ سینٹ کے سامنے لائیں اگر آپ مشکلات محسوس کرتے ہیں کہ وہاں موضوعات جو ہیں وہ بڑے گڑبڑ ہیں تو پھر آپ یہ کر سکتے ہیں کہ پانچ میں سے تین بنیادی ہیں جن میں ساری recommendations کو گروپ کیا جا سکتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک موضوع پر پانچ سات یا نو افراد جو اپنے آپ کو آفر کریں اور اس میں کچھ گورنمنٹ کے نمائندے بھی ہوں، تا کہ پانچ سات افراد بیٹھ کر ان چیزوں کو ایگزامن کر کے آپ کے سامنے کوئی ٹھوس چیز لا سکیں۔ ورنہ ہو گا یہ کہ آپ کے سامنے ایک رپورٹ آئے گی، ہفتوں اس کے اوپر جنرل ڈسکشن ہو گا، اور اس کے بعد ہم حاصل کچھ نہیں کریں گے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ روایت بدلنی چاہئے اور آپ کچھ حاصل کیجئے، اور حاصل کرنے کی شکل یہی ہے کہ یا آپ اس پر کوئی ایسا قانون لائیے، یا آپ ریزولیوشن لائیے، یا آپ غور کرنے کے لئے دوبارہ واپس بھیجئے یا آپ یہ کہیں کہ ہم اس کو قبول نہیں کرتے۔ میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ ان رپورٹوں پر بیک وقت

نیشنل اسمبلی اور سینٹ میں غور ہو رہا ہے اور ضروری نہیں کہ ساری محنت ہر جگہ از سر نو کی جائے اور اس طرح ڈپلیکیشن ہو اور ہماری صلاحیتوں اور وقت کا پورا پورا استعمال نہ ہو۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ سپیکر نیشنل اسمبلی اور چیئرمین سینٹ، آپس میں غور کر لیں، کہ ان تین یا چار موضوعات پر جتنی بھی recommendations ہیں ان سب کے بارے میں جو بھی ڈسکشن ہے یا ریزولیوشن ہیں سینٹ میں initiate کریں گے اور اس کے مقابلے میں یہ جو ہیں ان کو قومی اسمبلی میں initiate کریں گے۔ بہرحال یہاں بھی آنا ہے اور وہاں بھی جانا ہے لیکن ہم کام کو stream line کر لیں۔ وقت کا ایسا استعمال ہو کہ ہم کچھ contribution کر سکیں ورنہ مجھے ڈر ہے کہ جس طرح آج تک یہ رپورٹیں پڑی رہیں ہیں ان پر غور نہیں ہوا اب یہاں آنے پر ان پر گفتگو ہو گی لیکن نتیجہ وہی رہے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس سے ہٹیں۔ آخری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس طرح ہمیں یہ ہزار صفحے پڑھنے پڑیں گے تو قانون سازی کیلئے ایسا کرنا پڑتا ہے۔ اگر آپ امریکہ کی تاریخ قانون سازی کو دیکھیں تو ایک ایک سیشن میں ہزاروں صفحے دیکھنا پڑتے ہیں اور منظور کرنا پڑتے ہیں۔ اسی طرح ہمارے ہاں اگر بجٹ کے موقع پر تمام ڈاکومنٹس سامنے رکھیں تو ہزار ڈیڑھ ہزار صفحات سے وہ کم نہیں ہوتے لیکن ان پر غور کرنا پڑتا ہے جو افراد نہ پڑھیں تو یہ لازمی نہیں کہ ہر ایک پڑھ کر آئے۔ بہرحال اس بناء پر میں آپ سے درخواست کرونگا کہ آپ ہاؤس سے مشورہ کر کے کوئی ایسا راستہ نکالئے کہ اس میں ہم protective ہو سکیں تا کہ محض نشستن' گفتن' برخاستن سے علیحدہ ہو سکیں۔ شکریہ۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! کورم پورا نہیں ہے اگر آپ گھنٹی بجوا دیں تو اچھا ہی ہے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے پورا ہی ہے۔ کتنے ہیں۔ گن لو۔ انیس تو نہیں بائیس ہوتا ہے۔ بہرحال اتنے میں جنرل نیچر کی ایک چیز ہے اس پہ گفتگو کر سکتے ہیں۔ کورم انشاء اللہ پورا ہو جائے گا۔

جہاں تک آپ کی گذارشات کا تعلق ہے مجھے اس سے پورا پورا اتفاق ہے۔ میں نے وزیر انصاف سے exactly یہی بات کہی تھی۔ اگر ہم سات سال کی رپورٹوں پر ایک ایک کر کے فرداً فرداً دونوں Houses میں بحث کریں تو بعض اوقات یہاں تک

[Mr. Chariman]

confusion ہو جاتا ہے جیسے جو گیزئی صاحب فرما رہے تھے میں نے تقریباً ساتوں رپورٹس پڑھی ہیں فائنل رپورٹ بھی پڑھی ہے ان میں وہی ایک مضمون بار بار آ رہا ہے۔ اسی کو ملحوظ خاطر رکھ کر وزیر انصاف سے عرض کیا تھا کہ بجائے اس کے کہ ہر سال کی رپورٹ کو الگ الگ کریں تو ان سب پہ اکٹھی بحث کیوں نہ ہو جائے۔ ان کا مدعا صرف یہ تھا کہ جو سفارشات ہمیں منظور ہیں یا منظور نہیں ہیں یا کوئی دوسری رائے رکھتے ہوں تو سب کے سامنے وہ آ جائے تا کہ ان کو قانون وضع کرنے میں آسانی ہو۔ یہ غالباً کوثر نیازی صاحب نے بھی پوائنٹ آؤٹ کیا تھا کہ اسمبلی میں بحث ہو رہی ہے اس لئے ہمیں انتظار کر لینا چاہئے اور ان کی سفارشات کی روشنی میں بحث کر لیں گے۔ اس میں جو آئینی provision ہے وہ اس دن بھی میں نے پڑھ کر سنائی تھی۔ اس کے تحت یہ دونوں رپورٹیں ان دونوں ایوانوں کو اور Provinces کو بھی submit کرنی ہیں جہاں تک اس کا تعلق ہے کہ سب Houses مجاز ہیں کہ اس پر بحث کریں۔ لیکن مدعا یہ ہے کہ اس سے ایسے conclusion draw کئے جائیں۔ اس کی روشنی میں آئینی تقاضے جو ہیں یعنی دو سال کے اندر اندر پھر وہ قانون مرتب کئے جائیں جن کے ذریعے ان سفارشات کو عملی جامہ پہنایا جا سکے۔ اسی ضمن میں جہانگیر شاہ جو گیزئی صاحب نے یہ کہا تھا کہ ایک فہرست سب سفارشات کی بنا لی جائے پھر جیسے آپ تجویز کرتے ہیں کہ موضوع وار یا chapter وار ان کو لیا جائے کہ یہ عبادات ہیں' یہ تعزیرات ہیں جو جو پانچ مختلف مسائل ہیں ان کے متعلق پھر وہ ہاؤس کے سامنے آ جائیں تو پھر جو اظہار خیال کرنا چاہیں وہ ہو جائے۔ لیکن بتایا یہ گیا ہے کہ ہم ہر سال کی الگ الگ رپورٹ پر بحث چاہتے ہیں۔ یہ بھی مجھے معلوم ہے کہ جو پہلے سال کی رپورٹ تھی اس میں دوسرے سال ترمیم کی گئی اسی ایک سفارش پہ۔ تیسرے سال اس میں مزید کچھ ترمیم آ گئی۔ تو پہلے سال پر ہم اتنی efforts صرف کر کے دوسرے سال پھر اسی مضمون کو in the light of further amendment زیر بحث لانا پڑے گا۔ میری ذاتی رائے تو یہی ہے کہ اس آخری سات سالہ رپورٹ پر بحث ہو جائے اور یا سب پر اکٹھی بحث ہو جائے۔ جو شخص جس مضمون پہ اور جس انداز سے اظہار خیال کرنا چاہتا ہے وہ کر لے تا کہ وزیر انصاف صاحب اس کو نوٹ کر سکیں حکومت کے باقی کارندے نوٹ کر سکیں۔ اور ان کی روشنی میں یہ جو provision ہے کہ after considering the reports we shall enact laws in respect thereof in a period of tow years of the final report.

تب ہی اس کے تقاضے پورے ہونگے۔ ورنہ اتنے تک اس کے تقاضے پورے نہیں ہونگے۔ آپ تشریف نہیں رکھتے تھے۔ پروفیسر خورشید صاحب نے یہ پوائنٹ اٹھایا ہے کہ ۷۸ - ۷۷ کی رپورٹ جو آج discuss ہو رہی ہے اس پر یہ اندازہ نہیں کہ کب بحث مکمل ہوگی اور پھر دوسرے سال کی رپورٹ پر بھی اتنا ہی عرصہ اور وقت لگے گا۔ چونکہ وہی ایک مضمون بار بار آ رہا ہے اور جیسے میں نے ابھی عرض کیا کہ اس میں ترامیم بھی ہیں اس سے ایک تو تضیع اوقات ہے اور تضیع انرجی ہے تو سب کو اکٹھا کر کے ایک فائنل بحث کی جائے۔ اس کے لئے جتنا عرصہ آپ رکھنا چاہیں رکھ لیں۔ اس کے بعد پھر حکومت کی یہ ذمہ داری ہو جائے کہ جو آئینی ذمہ داری ہے یعنی دو سالوں کے اندر وہ سب ان سفارشات کو قانونی اور عملی جامہ پہنائیں۔ مجھے تو ذاتی طور پر اس سے اتفاق ہے۔ میں نے ہاؤس کو یہ بھی بتایا کہ آپ سے اس بارے میں ذکر بھی کیا تھا مگر چونکہ یہ حکومت کا کام ہے اس لئے ہاؤس صرف استدعا ہی کر سکتا ہے باقی آپ کا کام ہے کہ کس طریقہ پہ regulate کرتے ہیں۔ اور کورم بھی پورے سے زیادہ ہے۔

<u>جناب اقبال احمد خان:</u> جناب والا! اس بحث کے لئے میں نے اس لئے گذارش کی تھی کہ آج کل ہم بڑے آئینی تصورات کے حامل ہوئے ہیں اور موشن کا بھی شوق ہے کسی نہ کسی issue کو موضوع بنا کر لائیں۔ اس چیز کو avoid کرنے کے لئے میں نے گذارش کی تھی year wise بحث کی جائے کیونکہ اسکو کسی طریقے پہ بھی interpret کیا جا سکتا ہے میں آپ کی توجہ آرٹیکل نمبر ۲۳۰ کلاز نمبر ۴ کی طرف مبذول کراتا ہوں۔

The report, whether interim or final, shall be laid for discussion. . . . .

اب اس میں year wise رپورٹ اور فائنل رپورٹ کا بھی ذکر ہے اور اس میں لکھا ہے کہ will be laid before the House for discussion

اب اس میں ہم کہیں گے کہ collectively کر لیں تو مضمون یقیناً جیسے آپ نے ارشاد فرمایا ہے مختلف رپورٹوں میں غالباً ایک ہی آیا ہے۔ تو کل کو پھر کہیں ہم پہ الزام نہ آئے کہ رپورٹ صحیح discuss نہیں کرائی۔ اس ابہام کی وجہ سے year wise کے لئے بحث کی جائے۔ اب اگر آپ یہ فیصلہ فرمادیں کہ سب کو اکٹھا discuss کر لیا جائے تو میری گذارش یہ ہوگی کہ اس وقت کرنٹ زیر بحث رپورٹ پر بحث مکمل کر کے باقی چھ رپورٹس کو اکٹھا discuss کر لیں لیکن اس کا فیصلہ واضح کرنے کے بعد کہ this is my decision دوسری یہ کہ اگر آپ

مناسب خیال فرمائیں تو معزز سینیٹرز سے نام آپ پہلے لے لیں جیسے عام طور بحث میں ہوتا ہے تو جب بھی کسی issue پہ بات کریں گے تو نام لے لیں ہمیں پتہ چل جائے گا کہ کتنے اراکین اس خاص رپورٹ پر یا سب رپورٹوں پر اظہار خیال فرمانا چاہتے ہیں۔ پھر ہمارے لئے آسانی ہو جائے گی کہ کس روز اس پر بحث مکمل ہو سکے گی۔ اس کے بعد پھر متعلقہ وزیر مذہبی امور ممکن ہے اس پر اظہار خیال فرمائیں۔ لیکن اگر آپ کا یہ حکم ہو کہ سب کو اکٹھا ہم نے ڈسکشن کرنا ہے پھر میں گذارش کروں گا کہ آج تو اسی طرح چلائیں۔ میں وزارت مذہبی امور سے ڈسکشن کے بعد اگلی میٹنگ میں گذارش کر دوں گا، جس طرح آپ کا حکم ہو گا اس کی تعمیل کی جائے گی۔

جناب چیئرمین: جہاں تک آئینی تقاضے ہیں ان سے تو انحراف نہیں کیا جا سکتا وہ فالو کرنے ہوتے ہیں لیکن اگر اس لینگو یج کو آپ غور سے پڑھ لیں۔

The Islamic Council shall submit its final report within seven years of its appointment.

جو ختم ہو چکے ہیں اور فائنل رپورٹ بھی آ چکی ہے۔

and shall submit an annual interim report

یہ انٹیرم رپورٹ پر زور دیا گیا ہے۔ مدعا یہ ہے کہ ہر سال اسلامی نظریاتی کونسل ایک رپورٹ پیش کرے گی جو ان ایوانوں میں زیر بحث آئے گی۔ اور اس پر جو اظہار رائے ہو گا

in the light of that Council of Islamic Ideology

اگلے سال پھر وہ جب رپورٹ مرتب کرے گی تو یہ جو کچھ آراء ان کے سامنے آ چکی ہوں گی، ان کو بھی وہ مد نظر رکھ کر آگے چلے گی۔ اب وہ مطلب تو پورا نہیں ہوا۔ کیونکہ جب یہ رپورٹ آئی تو اس وقت ایوان موجود ہی نہیں تھے۔ اب ۷۷ء کی رپورٹ پر بحث کرنا، franbly speaking اس میں مجھے تو کوئی معنی نظر نہیں آتے۔ آگے لکھتے ہیں whether interim or final shall be laid for discussion جو ریکوائرمنٹ ہے وہ لیڈ فار ڈسکشن ہے۔ آئین یہ مجبور نہیں کرتا کہ آپ ڈسکس کریں یا نہ کریں۔ جہاں تک اسلامی نظریاتی کونسل کا تعلق ہے ان کی ذمہ داری ختم ہو گئی۔ کونسل میں کل کوئی صاحب اٹھ کر کہہ سکتے ہیں کہ this report should be accepted without discussion. There would be nothing unconstitutional about it. ڈسکس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ لیڈ فار انفریشن آئیڈیا اس کا یہ ہے کہ اگر ورڈز 'simply laid' ہوتے، تو یہ بھی انٹرپریٹیشن ہو سکتی تھی کہ فار انفریشن ہے۔ ضروری نہیں ہے

بلکہ بحث اس پر ضروری ہے ہی نہیں۔ لیکن کہا گیا ہے کہ لیڈ فار ڈسکشن کہ اگر ہاؤس یہ چاہے' کوئی ممبر چاہے' حکومت چاہے تو اس پر ڈسکشن بھی ہو سکتی ہے before both the Houses, in each Provincial Assembly within six months of its receipt.

یعنی پہلے تو ہم یہی غلطی کر رہے ہیں کہ ۱۹۷۷ء کی رپورٹ سات سال کے بعد بھی نہیں بلکہ آٹھ نو سال کے بعد ڈسکشن کر رہے ہیں جب کہ ریکوائرمنٹ یہ ہے کہ چھ مہینے میں اس کو ڈسکشن ہونا چاہئے تھا۔ تو یہ تو تمام معاملہ ہی infractuous ہو گیا ہے۔

overtaken by time in a sense. In the Majl-i-Shoora (Parliament after considering the report, shall enact laws in respect thereof within a period of two years of the final report.

اب فائنل رپورٹ کے دو سال کب ختم ہوتے ہیں وہ آپ کو علم ہے۔ لیکن یہ ایک ذمہ داری ہے حکومت پر' ایوانوں پر پارلیمنٹ پر' کہ دو سال کے اندر ان سب کو کرنا ہے۔ کئی ایک کلاز ہو چکی ہیں۔ اس دن مقبول احمد خان صاحب نے کچھ ارشاد فرمایا تھا۔ ایک پیپر بھی تقسیم کیا تھا۔ کہ اس حد تک ان پر عملدر آمد ہو چکا ہے۔ لیکن جہاں تک قوانین کا تعلق ہے' بہت سارا کام باقی ہے۔ اور اگر دو سالوں میں ہم نے ان کو کرنا ہے تو میرے خیال میں جو خدشہ پروفیسر خورشید صاحب نے ظاہر کیا ہے مجھے اس سے اتفاق ہے کہ دو سال میں ان دونوں ایوانوں میں' چاروں صوبائی اسمبلیوں میں یہ ڈسکشن ہی ختم نہیں ہو گی قطع نظر اس کے قوانین بنیں گے۔ مجھے ذاتی طور پر ایک تجویز وزیر انصاف صاحب نے دی ہے کہ اس رپورٹ کو اسی فارم میں ختم کر دیں اور آپ صاحبان جو بولنا چاہتے ہیں وہ ہمیں اپنے نام دے دیں تو جب وہ لسٹ ختم ہو جائے اس کے بعد باقی رپورٹس ہم اکٹھی لے لیں۔ مجھے تو یہ مناسب نظر آتا ہے۔ اب یہ ایوان پر منحصر ہے کہ اسے یہ طریقہ کار منظور ہے یا نہیں۔ جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: ذاتی طور پر مجھے اس سے پورا پورا اتفاق ہے۔ لیکن چونکہ بحث قانونی ہو رہی ہے اس لئے میں سب سے پہلے آپ ہی کی تائید میں ایوان کو اس طرف متوجہ کروں گا۔ دستور کے الفاظ ہیں shall be laid for discussion before both the Houses. لیکن یہ کہیں نہیں بتایا کہ ڈسکشن کا طریقہ کیا ہو گا۔ قسطوں میں ہو گا' موضوعات کی مناسبت سے ہو گا اس لئے یہ کہنا کہ دستور اس میں مانع ہو سکتا ہے' یہ درست نہیں ہے۔ میں ایک طرف اور آپ کی توجہ مبذول کرواں گا کہ لیجسلیشن جو ہے shall enact laws

in respect thereof within a period of tow years of the final report, not discussion.

فائنل رپورٹ ان کو کب وصول ہوئی ہے۔ میرے علم کی حد تک جو چیز آئی ہے ہمارے سامنے ' یہ تو دی گئی ہے ۱۹۸۴ء میں۔ اور جب یہ ۸۴ء میں دی گئی ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ دو سال date of submission of the report. اس کے معنی یہ ہوں گے کہ غالباً جون جولائی ۸۶ تک یہ کام پورا ہو جانا چاہئے۔ اور اگر یہ سلسلہ دو صفحے فی ہفتہ کے حساب سے شروع ہوا تو باقی ساری عمر اس میں گزر جائے گی۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اس مسئلے کو زیادہ اہمیت دی جائے اور جو آپ نے تجویز کیا ہے بالکل درست ہے۔

جناب چیئرمین: میرا مطلب بھی بالکل یہی تھا کہ دو سال میں انہوں نے لاز enact کرنے ہیں جو کہ غالباً" کسی وقت ۱۹۸۶ء میں ختم ہوتے ہیں اور یہ جو پروویژن ہے should be laid for discussion اس سے جو فائدہ ہو سکتا تھا وہ اس حد تک تھا کہ حکومت یا وزیر انصاف صاحب یا ان کی وزارت کے سامنے ' ممبران صاحبان کی جو اپنی رائے ہے مختلف موضوعات پر وہ آجاتی اور ان کو قانون مرتب کرنے میں سہولت ہوتی۔ اگر یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا تو at any day ڈسکشن ختم ہوتی ہے یا نہیں ہوتی انہوں نے لاز تو لانے ہیں۔ لیکن پھر وہ اس بات سے محروم رہیں گے کہ ایوان کی جو رائے ہے وہ ان کے سامنے نہیں ہو گی۔

پروفیسر خورشید احمد: میں ان کے پریویلج کو متاثر نہیں کرنا چاہتا لیکن جس رفتار سے ہم چل رہے ہیں یہ ایک سال میں تو کونسل کو ، nominate نہیں کر سکیں گے۔ گیارہ مہینے ہو گئے ہیں وجود میں آئے ہوئے اس حکومت کو ' لیکن اب تک کونسل کانسٹیٹیوٹ نہیں کی جا سکی ہے۔ باقی چھ مہینوں میں یہ تین ہزار تجویز کردہ قوانین کر سکیں گے؟ خوش فہمی اگر ہم رکھیں تو ٹھیک ہے ورنہ مجھے تو اس کے آثار نظر نہیں آتے۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ یہاں ڈسکشن کا نہیں دیا ہوا۔ میں عرض کروں گا کہ یہاں واضح لکھا ہوا ہے

the report whether interim or final, shall be laid for discussion

یہ ہر رپورٹ کی ڈسکشن کے لئے آئین کے اندر دیا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: قطع کلامی کی معافی چاہتا ہوں۔ مجھے یہاں اختلاف ہے جب وہ کہتے ہیں کہ laid for discussion اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی صاحب چاہیں یا ایوان چاہے

تواس پر ڈسکشن ہو سکتی ہے۔ کئی ایک آپ کی رپورٹیں ایسی آتی ہیں جن کے لئے آپ فرماد یتے ہیں کہ laid on the table and the House simply takes note of that اس پر ڈسکشن نہیں ہوتی۔ تمیز رکھنے کے لئے کہ اگر ایوان چاہتا ہے یا ممبران صاحبان چاہتے ہیں کہ اس پر بحث ہو تو یہ رپورٹ بحث کے لئے مہیا ہے۔ وہ ایک ٹیکنیکل سا ایشو ہے اصل بات یہ ہے کہ کس طریقہ پر اس کام کو ایکپیڈائٹ کیا جائے۔

جناب اقبال احمد خان: جناب گذارش یہ ہے کہ یہ مسئلہ تو آج ہی حل ہو سکتا ہے اس میں کوئی ابہام یا مشکل نہیں ہے۔ ہم نے ۷۸ - ۱۹۷۷ء کی رپورٹ ڈسکشن کے لئے lay کی ہے۔ آج یہ ہاؤس آپ کی وساطت سے فیصلہ کر دے کہ اس پر بحث مکمل ہو گئی ہے۔ کل ہم چھ اور دے دیتے ہیں اور کل ہی شام کو کہہ دیں کہ ہم نے بحث ختم کر لی ہے۔ ہماری ریکوائرمنٹ پوری ہو گئی۔ میں یہ گذارش تو نہیں کر رہا کہ تمام ممبر ضرور اس پر اظہار خیال فرمائیں۔ وہ اظہار خیال فرمانا چاہیں یا نہ چاہیں اس میں کسی کو مجبور تو نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن یہ ریکوائرمنٹ تو ضرور ہے۔ یہ فیصلہ کر لیا جائے کہ ہم نے جتنی ڈسکشن کرنی تھی وہ کر لی۔ یہ رپورٹوں کا مسئلہ ختم ہو گیا۔ آئین کی شرط پوری ہو گئی اگر آپ ارشاد فرماتے ہیں اور ہاؤس کا اپنا خیال ہے کہ ان پر بیک وقت بحث کی جائے تو میں نے جیسے پہلے عرض کی ایسا ہو سکتا ہے۔ باقی رہا آخری رپورٹ کا معاملہ۔ میں نے شروع میں بھی گذارش کی تھی اس کا فیصلہ اس ایوان کو کرنا ہو گا۔

جہاں تک میری رائے ہے نظریاتی کونسل نے اپنی آخری رپورٹ نہیں دی بلکہ وہ نامکمل رپورٹ ہے اور اس کے آخر میں تھوڑا سا لکھا ہے کہ اسے آخری رپورٹ تصور کیا جائے۔ یہ بھی ایک پرابلم ہمارے لئے ہے۔ اگر ہر ایک رپورٹ پر ڈسکشن ہوتی رہتی تو بہت سی چیزیں کھل کر سامنے آ جاتیں۔ لیکن اب چونکہ نظریاتی کونسل اپنے طور پر لگی رہی اور جو آخری رپورٹ انہوں نے دی ہے اس رپورٹ کے آخر میں، میں نے ایک لائن پڑھی ہے کہ جناب اس کو حتمی تصور کیا جائے حالانکہ وہ ابھی نامکمل ہے اور اس کا مطالعہ کرنے کے بعد کئی ایسے ایشو نظر آتے ہیں جو انہوں نے خود پینڈنگ رکھے ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں بھی یہ ہمارے لئے مشکل ہے کہ کیا اس کو آخری تصور کر لیں؟ اگر یہ ایوان اس کو آخری تصور کر لے تو ہماری مشکل آسان ہو جائے گی

کہ اس بنیاد پر ہم اپنے کام کو آگے بڑھائیں گے۔ یہ بھی ایک ضرورت تھی جس کے لئے اس ایوان کی رائے چاہتا تھا۔ تو جیسے آپ کا حکم ہے اگر آپ یہی فیصلہ کرتے ہیں تو جس دن بحث مکمل ہوتی ہے اور آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ ڈسکشن مکمل ہو گئی ہے پہلی رپورٹ پر، تو دوسری چھ کی چھ ہم بیک وقت پیش کر دیں گے، آپ اس پر اجتماعی بحث کروالیں اس پر ہمیں اعتراض نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین: اب تک جن حضرات نے اظہار خیال کے لئے ٹائم مانگا ہے وہ میرے خیال میں چار یا پانچ ہیں تو as a specific proposal میں یہ suggest کروں گا کہ دس تاریخ تک یہ جو ۷۸ - ۱۹۷۷ کی رپورٹ ہے اس پر ہم بحث مکمل کر لیں۔ اس کے بعد باقی جو ۶ رپورٹیں ہیں یا فائنل رپورٹیں ہیں سب کو ایک ہی وقت پر لے لیں اور اس کے لئے پھر جتنا ٹائم ممبران صاحبان چاہتے ہیں وہ ان کو دے کر اس اجلاس میں، یہ بحث ہم مکمل کرتے ہیں۔ اگر یہ آپ کو منظور ہے تو ٹھیک ہے۔

لیفٹننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر! ان چھ سالانہ رپورٹوں کے علاوہ کونسل کی بہت سی رپورٹیں ہیں جیسا کہ پروفیسر صاحب نے فرمایا، اور بڑی تفصیلی رپورٹیں ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ان کو ان کے ساتھ منسلک نہیں کرنا چاہئے کیوں کہ ان پر تو تفصیلی بحث ہو گی، ان کے لئے میری تجویز ہے کہ الگ وقت مقرر کیا جانا چاہئے۔

جناب چیئرمین: وہ تو رپوٹوں کی نوعیت پر منحصر ہو گا کہ وہ ہیں کس قسم کی، مثلاً یہاں پر ہے کہ ایک غیر سودی نظام قائم ہونا ہے۔ ایک رپورٹ میں بھی ہے، دوسری رپورٹ میں بھی ہے اور تیسری رپورٹ میں بھی ہے اور ان کی مختلف تجاویز ہیں اور پھر انہوں نے اس پر ایک خاص رپورٹ بھی پیش کی ہے۔ اسی طرح کئی اور موضوعات ہیں مثلاً یہ جو قصاص اور دیت کا ذکر ہو رہا تھا اس پر بھی انہوں نے اپنی رائے دی ہے لیکن ساتھ جنرک فارم میں یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ اسلامی قوانین اور حدود نافذ کئے جائیں۔ تو یہ انحصار کرتا ہے سہولت پر، اگر آپ ان کو specially لیتے ہیں، تو اس میں یہ ہو گا کہ repetition بہت ہو گی اسی مضمون کی جو آپ ڈسکس کر چکے ہیں۔ یہاں پر ایک بات کو مدنظر رکھیں کہ اس سٹیج پر یہ مدعا نہیں ہے کہ ہم قانون بنائیں مدعا صرف یہ ہے کہ وہ قانون کس فارم میں ہونا چاہئے، گن لائنز پر ہونا چاہئے،

اس کا pattern کیا ہونا چاہئے کیا اس کے broad out line ہونے چاہئیں تا کہ وزارت انصاف کو قانون مرتب کرنے میں سہولت ہو۔ وہ قانون پھر دوبارہ آئیں گے اور دونوں ایوانوں میں آئیں گے، پھر ان کی جو نوک پلک درست کرنی ہے وہ اس وقت ہو سکے گی۔ اگر کسی particular subject پر خصوصی رپورٹیں بھی ہیں تو یہ اب ہاؤس پر ہے کہ آپ اس کو علیحدہ ڈسکشں کریں گے یا اسی رپورٹ کے ساتھ ان کو ڈسکشں کریں گے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: میری عرض یہی تھی کہ جو خصوصی سبجیکٹس ہیں مثلاً جیسے آپ نے فرمایا کہ قصاص و دیت ہے، منصوبہ بندی ہے ان کا ذکر تو ضرور ہے ان رپورٹوں میں لیکن ان میں جو اتنے اہم نکات ہیں جن پر شاید اختلاف ہو اور اختلاف بھی کافی زیادہ ہو ان پر تو ہاؤس کے اندر بحث کرنے کا موقع ملنا چاہئے ورنہ وہ سرسری طور پر نکل جائیں گی اور پھر جب قانون کی سٹیج پر آئیں گی تو اس وقت بڑی مشکل ہو جائے گی۔ میری عرض تو یہ ہے کہ جو اسلامی نظریاتی کونسل ہے اس نے ان پر خود الگ سپلیمنٹس مرتب کئے ہیں ان کو تو زیر بحث ضرور لانا چاہئے۔

جناب چیئرمین: جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے، انہوں نے خاص ماہرین کی کمیٹی مختلف موضوعات کے لئے مرتب کی تھی اور ان کی رپورٹ کی روشنی میں پھر انہوں نے اپنی سفارشات کی ہیں اور اکثر رپورٹیں جو سپیشل رپورٹیں تھیں ان کو ضمیمے کے طور پر ان کے ساتھ منسلک بھی کیا ہوا ہے لیکن اگر اس پر آپ الگ بحث کرنا چاہتے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔ جہاں تک ان رپورٹوں کا تعلق ہے کئی ایک رپورٹوں میں بھی اختلاف ہے یعنی مختلف حضرات جو اسلامی مشاورتی کونسل میں تھے انہوں نے اپنے اختلافی نوٹ دئے ہوئے ہیں۔ تو ایک موضوع پر میرے خیال میں اگر اس کو بھی اکٹھا ہی لیا جائے تو غالباً آسانی ہو گی اس بحث میں یعنی اس کو سمجھنے میں بھی آسانی ہو گی۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: جس سال کی رپورٹ میں وہ ذکر آتا ہے......

جناب چیئرمین: اسی کے ساتھ ہی اس کو لے لیں، مدعا یہی ہے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: یہ نہ ہو کہ وہ سرسری طور پر نکل جائے۔

جناب چیئرمین: ابھی تک تو ہم تجویز یہ کر رہے ہیں کہ ۷۸ - ۱۹۷۷ کی رپورٹ ختم کر کے باقی ۶ رپورٹیں اکٹھی لے لیتے ہیں اور ان میں سال relevant نہیں ہو گا، موضوع

relevant ہو گا اور اسی موضوع پر اگر کوئی سپیشل رپورٹ بھی ہے تو اس کو بھی ساتھ رکھا جائے۔

قاضی حسین احمد: جناب جن لوگوں کی نظر میں کچھ ایسے اہم امور ہیں کہ وہ چاہتے ہیں کہ یہ سرسری طور پر نہ گزریں تو یہ ان کا فرض ہے کہ جب بحث ہو تو ان کی طرف ایوان کو متوجہ کر دیں ان پر تفصیلی بحث کریں اگر رپورٹیں اکٹھی لی جائیں یا الگ الگ لی جائیں دونوں صورتوں میں کوئی فرق نہیں پڑتا یعنی سعید قادر صاحب کا جو نکتہ ہے کہ اس میں بہت سارے اہم امور ہیں جو سرسری طور نہیں گزرنے چاہئیں تو ان کا فرض ہے کہ جن کو وہ اہم سمجھتے ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ وہ امور سرسری طور پر گزر جائیں ان کو وہ نوٹ فرمالیں اور ان پر تفصیلی بحث کے لئے اسی وقت ایوان کو متوجہ کر دیں تاکہ ان پر تفصیلی گفتگو کی جاسکے۔

جناب چیئرمین: اس کے لئے یہ ضرورت ہو گی کہ وہ سپیشل رپورٹیں بھی ہاؤس کو سرکولیٹ کی جائیں، یا میز پر رکھی جائیں اگر وہ نہیں ہوئیں۔

قاضی حسین احمد: سب کچھ ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین: پھر تو معاملہ بالکل ہی آسان ہے یعنی اب میں دیکھ رہا تھا نظام قانون و عدل۔ اب اس کے نتیجے مختلف موضوعات ہیں، قانون نفاذ حدود، جرائم بخلاف مال، قانون نفاذ حدود متعلقہ زناء بالجبر، قانون نفاذ حدود متعلقہ امتناع شراب، اسی طریقے پر اسی سبجیکٹ میں جب وہ زیر بحث ہو آپ وہ بھی لا سکتے ہیں اگر اس میں کوئی خاص رپورٹس ہیں اور details میں اس سے زیادہ describe ہوئی ہیں تو وہ بھی زیر بحث آسکتی ہیں۔ تو میرے خیال میں اسی پر ہی فیصلہ کرتے ہیں۔ پھر یہ رپورٹ ختم کر کے دس تاریخ تک جو حضرات اس پر بولنا چاہتے ہیں، جنہوں نے ابھی تک نام نہیں دیئے وہ بھی ازراہ کرم سیکریٹریٹ میں اپنے نام درج کرا دیں اور دس کے بعد جو اجلاس ہوں گے ان میں باقی رپورٹیں مشترکہ ہی لے کر ان پر بحث شروع کرتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ صرف اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اگلا جو ہمارا دن ہے وہ پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے اس دن کوئی وقت نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں پرائیویٹ ممبرز ڈے تو پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : اس کے بعد دس تاریخ صرف ایک تاریخ رہ جاتی ہے جس کے لئے آپ پہلے ہی یہ بات طے کر چکے ہیں کہ جنرل ڈسکشن کے علاوہ دو گھنٹے آپ تحریک التواء کے لئے وقف کریں گے......

جناب چیئرمین : بارہ تاریخ رکھ دیں......

پروفیسر خورشید احمد : جناب ہمارا مقصد صرف وقت مقرر کرنا اور بحث کرنا ہی نہیں بلکہ ہمارا مقصد بحث کو زیادہ معنی خیز بنانا ہے۔

جناب چیئرمین : اس میں دونوں صورتیں ہیں، ایک تو معنی خیز دوسرا یہ کہ وہ جو پارا کنسن کا قانون ہے، بدقسمتی سے وہ اپلائی کرتا ہے کہ جب تک آپ وقت کا تعین نہیں کرتے work expands to fill the time available for its disposal. اگر آپ کہیں گے کہ اس تمام سیشن میں یہ ایک رپورٹ، ایک دن میں ایک آدمی اور ایک نشست میں ایک ممبر صاحب بولیں گے تو میرے خیال میں ٹائم کی پابندی ہونی چاہئے اگر آپ کہتے ہیں کہ دس تاریخ بہت جلدی ہے تو ۱۲ رکھ لیتے ہیں، ۱۵ رکھ لیتے ہیں۔

قاضی حسین احمد : جناب کوئی ایک دن بھی کافی ہو گا اگر وہ پورا دن اس بحث کے لئے وقف ہو جائے صرف تین چار ہی مقررین ہیں۔ لیکن اگر آپ ۲ گھنٹے تحریک التواء کے لئے دینا چاہتے ہیں تو پھر تو میرا خیال ہے کہ بحث نہیں ہو سکے گی۔

جناب چیئرمین : فی الحال تو میرے پاس صرف چار نام درج ہیں اور ان میں سے بھی میر داد خیل صاحب نے کہہ دیا ہے کہ میں اگلے دن بولوں گا، اور دو حضرات ہاؤس میں موجود نہیں ہیں، چھٹی پر ہیں اور ایک اور صاحب بھی غالباً آج ہاؤس میں نہیں ہیں۔

قاضی حسین احمد : میں نے بھی نام دیا ہے۔ لیکن میں یہ چاہوں گا کہ اس میں کم از کم اتنا وقت ہو کہ ۴، ۵ آدمی کھل کر بات کر سکیں۔ کیوں کہ یہ ۷۸ - ۱۹۷۷ والی رپورٹ زیادہ اہم ہے اور یہ دوسری رپورٹوں پر بحث کے لئے بنیاد فراہم کرے گی۔ اس لئے اس سال کی رپورٹ پر اگر آپ نے بحث شروع کر دی ہے تو دوبارہ اس کو زیر بحث نہیں لانا ہے تو پھر اس میں موقع دیجئے کہ جو لوگ باقی ہیں وہ کھل کر اپنی بات کہہ سکیں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں ۱۳ فروری تک اس رپورٹ پر بحث ختم کرتے ہیں۔ اس میں دس تاریخ بھی آ جائے گی اور ۱۲ تاریخ کو بھی سرکاری بزنس ہے، ۱۳ تاریخ کو بھی

سرکاری بزنس ہے۔ میرے خیال میں یہ دن مناسب ہیں حالانکہ ان دنوں میں تحاریک التواء پر بھی بحث ہو رہی ہے لیکن یہ کافی ہو جائیں گے، فی الحال یعنی on provisional basis ۱۳ تک اس پر بحث ختم کر کے اس کے بعد باقی رپورٹیں پھر اکٹھی لے لیتے ہیں، یہ آپ کو منظور ہے؟

(تجویز منظور ہوئی)

جناب چیئرمین: اب تو صرف اتنا ہی وقت ہے کہ تحریک التواء پر ہی بحث شروع کریں۔ یہ تین تحاریک التواء تھیں جو آرڈر آف دی ڈے میں دی گئی ہیں ایک مولانا کوثر نیازی صاحب نے ۱۵ دسمبر کو پیش کی تھی جو کہ Misterious murders of people in different parts of the country.

ہتھوڑا گروپ والی ہے۔ اسی کے ساتھ چونکہ لاء اینڈ آرڈر والا قصہ تھا اور دو اور تحریک التواء ہیں ایک تیس جنوری کو ملک فرید اللہ خان، قاضی عبداللطیف اور مولانا سمیع الحق نے پیش کی تھیں جو ایڈمٹ ہو گئی ہیں اور ایک پی آئی اے بلڈنگ بم کے دھماکے والی تھی اور دوسری قاضی حسین احمد صاحب اور میرداد خیل صاحب نے جو میران شاہ میں بم بلاسٹ ہوئے تھے ان کے متعلق ہے، تو ان تینوں کو اکٹھا لینا ہے۔ مولانا صاحب آپ میرے خیال میں بحث کا آغاز کریں۔ میں اتنا عرض کر دوں کہ قوانین کے مطابق آپ نصف گھنٹے تک بول سکتے ہیں باقی حضرات صرف دس دس منٹ بول سکتے ہیں۔ وزیر محترم جب بعد میں جواب دیں گے تو وہ بھی نصف گھنٹے تک بول سکتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ ٹائم کافی ہونا چاہئے۔

## ADJOURNMENT MOTION RE: MYSTERIOUS MURDERS OF INNOCENT PEOPLE IN VARIOUS PARTS OF THE COUNTRY

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! گزشتہ ایک مدت سے ملک کے اندر پے در پے قتل کی جو وارداتیں ہوئی ہیں ان سے عوام میں سخت عدم تحفظ کا احساس پیدا ہو گیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ بیچ بیچ میں ایسے وقفے آتے ہیں، جن کے بارے میں یوں لگتا ہے کہ اب یہ امن کے وقفے ہیں، لیکن یہ ایسے ہوتے ہیں یعنی آگے چلیں گے دم لے کر، پھر وہ وارداتیں شروع ہو جاتی ہیں اور حکومت انہیں پکڑنے میں اب تک ناکام رہی ہے۔ مبالغہ نہیں ہے میں حقیقت عرض کر رہا ہوں۔ اس

کی وجہ سے بستیوں میں لوگوں کی نیندیں حرام ہو گئی ہیں اور بعض محلے جن میں یہ واقعات ہوئے ہیں ان کا عالم تو یہ ہے کہ سر شام ہی زندگی ان میں معطل ہو جاتی ہے اور وہی کیفیت ہوتی ہے کہ

شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے
دل ہے گویا چراغ مفلس کا'

جناب والا! ان قتل کی وارداتوں کے بارے میں دو نظریات ہو سکتے ہیں۔ ایک نظریہ' یہ ہے کہ یہ روزمرہ کے واقعات ہیں' سادہ اور سمپل قتل ہیں' عداوت پر مبنی ہیں' خاندانی جھگڑوں کی بنیاد پر یہ رونما ہوئے ہیں۔ اگر ایسا ہے تب بھی یہ بہت اندوہناک واقعات ہیں۔ اس لئے کہ نو سالوں میں ہم نے اسلام کی جتنی دہائی دی ہے اور جس حد تک ہم نے اس معاشرے کو اسلامی بنانے کے نام نہاد اقدامات کئے ہیں ان کے نتیجے میں اس معاشرے میں ایسے واقعات رونما نہیں ہونے چاہئے تھے۔ اس لئے کہ قرآن پاک ہمارا دستور حیات ہے اور اس کے اندر صاف ارشاد ہے کہ ایک بے گناہ انسان کا قتل ایسا ہے جیسے پوری انسانیت کو موت کے گھاٹ اتار دینا اور اس میں صاحب ایمان کی شرط بھی قران پاک نے یہ لگائی ہے جناب چیئرمین! کہ انسان کی زندگی اس کے پیدا کرنے والے کی نگاہ میں اتنی قیمتی ہے کہ اس کا اتلاف پوری انسانیت کی جانوں کا اتلاف ہے۔ اور اگر کوئی مومن' صاحب ایمان کلمہ گو' کسی دوسرے کلمہ گو کو قتل کر دے تو قرآن یہ کہتا ہے کہ جو کسی صاحب ایمان کو جان بوجھ کر قتل کر دے تو اس کا ٹھکانہ جہنم ہے اور آنحضورؐ نے جب اپنا مشن مکمل کر لیا تو آخری حج کے موقع پر فرمایا جو خطبہ آپؐ نے ارشاد فرمایا وہ انسانی حقوق کا بین الاقوامی چارٹر ہے اور انسانی حقوق کا سب سے پہلا چارٹر ہے اور انسانیت کا کامل چارٹر ہے' اس میں آپ نے ایک لاکھ ۲۴ ہزار کے مجمع کو خطاب کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا۔

تمہاری عزتیں' تمہارا خون اور تمہارا مال اس طرح حرمت کے حامل ہیں' اس طرح عزت کے قابل ہیں جس طرح آج کا دن ہے' آج کا مہینہ ہے' اور یہ بلد محترم لیکن ان نو سالوں میں ان تمام اسلامی حقوق کی جو دھجیاں اڑائی گئیں وہ ایسی ہیں جن کی پچھلے تمام ادوار میں نظیر نہیں ملتی۔ آپ پاکستان کی تاریخ کے پچھلے تمام ادوار دیکھیں' آپ کو اس طرح کی mysterious وارداتوں کا پے در پے mysterious وارداتوں کا اور پچاس سے اوپر

وارداتوں کا جن کا سراغ لگانے میں حکومت ناکام رہی ہو' اب تک کوئی وقوعہ سرزد نہیں ہوا تھا ان نو سالوں میں' اس نام نہاد اسلامی دور میں ہم نے کیا پایا۔ خود صدر محترم نے یہ کہا کہ رشوت کا ریٹ اتنا بڑھ گیا کہ جو کام پہلے ۵۰ میں ہوتا تھا وہ اب ۵۰۰ روپے میں ہوتا ہے اور انسانی خون اتنا ارزاں ہو گیا کہ پانی بن گیا۔ تو اگر یہ محض سمپل اور سادہ قتل کی وارداتیں ہیں' تب بھی اس حکومت کے لئے باعث شرم ہیں جو اسلام پر مبنی ہونے کی دعویٰ دار ہے اور جو کہتی ہے کہ اس عہد میں خلافت راشدہ کی یادیں تازہ ہو گئیں۔

جناب چیئرمین' دوسرا نظریہ یہ ہو سکتا ہے اور ہے کہ یہ منظم وارداتیں ہیں اور ایک تربیت یافتہ گروہ یہ کر رہا ہے اور ایک باقاعدہ پلان کے تحت' ایک باقاعدہ طریقے کے مطابق انہیں انجام دے رہا ہے تاکہ معاشرے میں خوف و ہراس پیدا ہو' بدامنی پیدا ہو اور لوگ عدم تحفظ میں مبتلا ہو جائیں۔ جناب وزیر داخلہ نے جن کے تجربے اور جن کی قابلیت میں ہمیں کوئی شک نہیں' انہوں نے جناب چیئرمین! خود ارشاد فرمایا ہے کہ ان وارداتوں میں غیر ملکی ہاتھ کے ملوث ہونے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور ان کی یہی بات ہے جسے میں نے ایڈجرنمنٹ موشن کی بنیاد بنایا تھا کہ جب ملک کا وزیر داخلہ کہتا ہے کہ یہ غیر ملکی سازش کے نتیجہ میں وارداتیں ہو سکتی ہیں تو پھر یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر حکومت کو بہت اہم اقدامات کرنا چاہئے تھے جو اب تک اس نے نہیں کئے۔ جناب چیئرمین! ان وارداتوں میں آپ دیکھیں تو آپ کو نظر آئے گا کہ کئی باتیں مشترک ہیں۔ ان سب وارداتوں میں یکسانی ہے یہ وارداتیں جس طرح رپورٹ ہوئی ہیں اور جو واقعات منظر عام پر آئے ہیں ان میں بتایا گیا ہے کہ سب سے پہلے مارنے والے مرنے والوں کو بے ہوش کرتے ہیں۔ اس کے بعد یہ تمام تر وارداتیں غریب آبادی میں ہوئیں۔ کیونکہ ملک ۸۰' ۹۰ فیصد غریب آبادی پر مشتمل ہے تاکہ اس کے اندر ہمدردی کے جذبات پیدا ہوں' کلاس فلنگ ابھریں' اگر امراء اس کے شکار ہوتے تو شاید غریب آبادی پر وہ اثرات مرتب نہ ہوتے جو غریبوں کو نشانہ بنانے سے مرتب ہو سکتے تھے۔ پھر خواتین کی اس میں عصمت دری نہیں کی گئی۔ ان وارداتوں میں ان کے کپڑے اتار دئے گئے ہیں۔ لیکن ان کی اور کوئی بے حرمتی نہیں کی گئی۔ چوری کی واردات نہیں ہوئی کہ یہ کہا جائے کہ یہ وارداتیں چوری کی غرض سے ہوئیں۔ ہر جگہ ہتھوڑا استعمال کیا گیا ہے' جو ایک غیر ملکی نظریئے کا نشان بھی ہے اور

ذہنوں کو اس جانب متوجہ کرنا بھی مقصود ہے کہ ایک غیر ملکی طاقت کی شہ پر غیر ملکی نظریئے سے سرشار لوگ یہ کام انجام دے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! یہ وارداتیں ہوتی رہیں، لیکن پولیس اب تک اور اسکی تمام تر ایجنسیاں ظاہر اور باطن، وہ بھی جن کا پتہ جناب وزیر داخلہ کو ہے اور وہ بھی جن کا پتہ وزیر داخلہ کو نہیں ہے وہ سب کی سب آج تک اس بارے میں ناکام رہی ہیں کہ وہ مجرمین کو سامنے لائیں اور انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں۔ لے دے کر ایک دھرم پانی کا واقعہ ہے جس کے بارے میں یہ کہا گیا ہے کہ اس میں مارشل لاء کورٹ نے مجرمین کو سزا دے دی ہے لیکن جناب چیئرمین! ادب سے میں یہ گذارش کرونگا کہ اس میں جن لوگوں کو پکڑا گیا، ان کے جلوس اس شہر میں آئے۔ ایوان صدر کے باہر انہوں نے مظاہرے کئے۔ اپنی فریاد سنائی۔ میرے ہاں بھی آئے اور انہوں نے بتایا کہ کس کس طرح پولیس نے تشدد کر کے، کس طرح خواتین کے کپڑے اتروا کر، کس طرح ان پر سختیاں کر کے، ان کے شلوار کے پائنچے نیچے سے بند کر کے اوپر سے چوہے چھوڑ کر ان کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ اس بات کو مانیں کہ انہوں نے یہ اقدام کیا اور بعد میں منحرف ہو گئے۔ اور مارشل لاء کورٹ ایسی نہیں ہے جس سے انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔ اس لئے حقیقت میں وہ واقعہ بھی ایسا نہیں ہے جس کے بارے میں حکومت یہ کہہ سکتی ہو کہ اس نے مجرمین کو کیفر کردار تک پہنچا دیا۔ باقی کوئی ایسا واقعہ نہیں ہے، جس سے کسی مجرم کو وہ پکڑ سکے ہوں۔ اب پھر وقفہ ہوا ہے، ممکن ہے حکومت خواب خرگوش کے مزے لے رہی ہو کہ سب اچھا ہے لیکن یہ سکوت ہے نہ کہ سکون۔ مگر سکوت اور سکون میں بڑا فرق ہے۔ خاموشی دونوں میں ہوتی ہے لیکن ایک خاموشی شہر خاموشاں کی اور ایک سکون وہ ہوتا ہے جس کا تعلق قلب اور دماغ سے ہوتا ہے۔ یہ قلبی سکون نہیں بلکہ شہر خاموشاں کا سکوت ہے اور خدانخواستہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس سکوت کے پیچھے طوفان چھپا ہوا ہو، اور حالات اس جانب اشارہ کر رہے ہیں۔

میں حکومت کو warn کرتا ہوں کہ ان سرگرمیوں اور بیانات کا جائزہ لیں جو پچھلے ایک مہینے پر محیط ہیں، جن میں بہت سے ذمہ دار راہنماؤں نے یہ کہا ہے کہ سول وار ہو گی۔ دھمکی کے انداز میں بھی اور انتباہ کے انداز میں بھی کہا ہے۔ جس میں افغان مہاجرین کو پاکستان کی سیاست میں ملوث کرنے کی باتیں کی گئی ہیں۔ اور آج ہی ایک محترم سیاست دان کا بیان آیا ہے

کہ ایک صوبے کے لوگوں سے یہ اپیل کی گئی ہے کہ وہ کمیٹیاں بنائیں اور مسلح ہوں اور مقابلے کے لئے تیار ہوں۔ جناب چیئرمین! حالات کس رخ پہ جا رہے ہیں۔ یہ ساری ایک ہی واقعات کی کڑیاں ہیں، انہیں Isolate کر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ ہتھوڑا گروپ کے واقعات بھی حقیقت میں آنے والے طوفان کا پیش خیمہ لگتے ہیں۔ جس میں ملک کو ڈھالنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ اور قبل اس کے کہ ایسے حالات سامنے آجائیں حکومت کو اس کا تدارک کرنا چاہئے۔

جناب چیئرمین! جناب وزیر داخلہ نے قومی اسمبلی کے فلور پر یہ کہا کہ اس وقت سرحدی قبائل میں تین لاکھ کلاشن کوفیں تقسیم ہو چکی ہیں۔ تو خدا نخواستہ یہ ملک جو اسلحہ خانہ بن رہا ہے یہ اسلحہ کہاں استعمال ہو گا۔ خدا نہ کرے یہ غیر ملکی شہ پر آپس ہی میں استعمال ہونا شروع ہو جائے اور اس طرح بعض لوگوں کے وہ عزائم پورے ہوں کہ جن کے ذریعے سے وہ ملک میں سول وار شروع کرانا چاہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! حکومت نے اپنی پولیس کے ذریعے کوئی کامیابی حاصل نہیں کی، آرمی انٹیلی جنس کے ذریعے کوئی کامیابی حاصل نہیں کی۔ سیاسی راہنماؤں کا انہیں پیچھا کرنے سے فرصت نہیں ہے، سینٹ اور قومی اسمبلی کے ممبران کے ٹیلی فون ٹیپ کرنے سے انہیں فرصت نہیں ہے۔ یہاں کہا جاتا کہ کوئی ٹیلیفون ٹیپ نہیں کئے جاتے۔ پھر چند دنوں بعد یہ معاملہ شروع ہو جاتا ہے اور بہت بڑا عملہ اسی کام میں لگا ہوا ہے اور اپنے اصل کام سے روگردانی کئے ہوئے ہے۔ اور ان غلط کاموں میں ملوث ہو کر اپنا وقت ضائع کر رہا ہے۔

اب ایک غیر ملکی ایجنسی کے سربراہ سے یہ معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے انٹرنیشنل ایجنسی غالباً انٹرپول کو یہ ریفر کیا ہے کہ وہ مجرمین کو detect کرنے میں حکومت کی مدد کرے اور اس صاحب نے جو یہاں کسی میٹنگ کے سلسلے میں تشریف لائے تھے پریس کانفرنس میں یہ ارشاد کیا کہ حکومت پاکستان نے اس سلسلے میں ان سے مدد چاہی ہے۔ گویا یہ بات حکومت اپنی قوم کو نہیں بتا سکتی تھی کہ وہ یہ اقدام کر رہی ہے۔ یہ بات ہمیں ایک غیر ملکی ایجنسی کے سربراہ کے منہ سے معلوم ہوئی ہے۔ حکومت اپنے اقدام سے اپنی قوم کو کچھ نہیں بتا رہی کہ وہ ہتھوڑا گروپ کے مجرمین کے لئے کیا کر رہی ہے اگر حکومت نے کسی غیر ملکی ایجنسی سے رابطہ قائم کیا تھا تو حکومت کا فرض تھا کہ وہ قوم کو بتاتی کہ یہ اقدام کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین! میں اپنی تقریر کو زیادہ طول نہیں دینا چاہتا۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے لئے ہمیں جلدی کرنی چاہئے قبل اس کے کہ پانی سر سے گزر جائے۔ اور ہمیں ان مظلوموں کے خون کی طرف توجہ کرنی چاہئے جو بے کسی اور بے بسی میں مارے گئے۔ ان گھروں کی جانب دیکھنا چاہئے جن کے چراغ بجھ گئے اور ہمیں تساہل و تغافل سے اقتدار کی جنگ زرگری سے بالاتر ہو کر اقدامات کرنے چاہئیں۔ سرکاری پارٹی کنونشنوں پہ ضرور وقت صرف کرے کہ یہ بھی سیاسی عمل کا حصہ ہے وہ ضرور جلسے جلوسوں پر توجہ کرے مگر اصل مسئلہ law and order امن عامہ کا، لوگوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ کا ہے۔ اس میں وہ غفلت نہ کرے کہیں ایسا نہ ہو کہ یہی کام کرتے رہیں اور مقتول بے چارے یہ کہیں کہ ہمارا کوئی پرسان حال نہیں ہے اور ہمیں انصاف نہیں مل رہا۔ اس لئے وہی کیفیت ہے

میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں
تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے

جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ۔ پیشتر اس کے کہ میں ایک اور صاحب کو اجازت دوں، مولانا کوثر نیازی صاحب نے سویرے کے اجلاس میں ایک پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا سوال نمبر ۷۷ کے متعلق۔ تو اس کا ذکر آج کے سوالات کے طبع شدہ جوابات کے صفحہ ۳ پر درج ہے۔ اس میں لکھا گیا ہے کہ

Transferred to Cabinet Division for answering on 10th February, 1986

سوال جو تھا وہ وزراء کے دوروں کے لئے پی آئی اے کے ٹکٹ وغیرہ خریدنے سے متعلق تھا۔ شروع میں ایوی ایشن ڈویژن کو بھیجا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارا کام نہیں ہے کیبنٹ ڈویژن کو بھیج دیا جائے۔ اب یہ انہوں نے قبول کر لیا ہے تو اس سوال کو دس تاریخ کے سوالات میں شامل کیا گیا ہے۔ تاکہ وہ اس کو answer کر سکے۔

جناب قاضی عبداللطیف صاحب، فرید اللہ خان صاحب اور مولانا سمیع الحق صاحب کی تحریک جو PIA بلڈنگ پشاور کے متعلق ہے وہ لے لیتے ہیں۔

جناب محمد اسلم خان خٹک: پی آئی اے بلڈنگ کے متعلق ابھی ہماری تحقیقات پوری مکمل نہیں ہوئی ہے اسے بعد میں لیا جائے اور یہ ہتھوڑا گروپ جو discuss ہو رہا ہے آج اسی کو لیا جائے۔

جناب چیئرمین: جو کچھ آپ کے پاس ہے کل یہی فیصلہ ہوا تھا کہ چونکہ داخلی صورت حال سے منسلک ہے تو میرے خیال سے law and order کی بات ایک ہی جگہ ہو جائے تو جناب قاضی صاحب آپ move کر لیں۔

قاضی حسین احمد: دوبارہ پڑھنے کی ضرورت تو نہیں ہے؟

جناب چیئرمین: دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ نفس مضمون اگر بتانا چاہیں کہ کس چیز کے متعلق ہے۔

## ADJOURNMENT MOTION RE: BOMB BLAST AT MIRAN SHAH NORTHERN WAZIRISTAN AGENCY ON THE 27TH JANUARY, 1986

قاضی حیسن احمد: جی۔ میری تحریک التواء میراں شاہ میں بم کے واقعہ کے متعلق تھی۔ چونکہ یہ تمام چیزیں ایک دوسرے سے مربوط اور متعلق ہیں۔ اس لئے میں یہ پوچھوں گا کہ میں پورے مسئلہ پر اظہار خیال کروں اور آپ سے یہ بھی درخواست کروں گا کہ آپ نے جو وقت متعین کیا ہے اس میں ذرا ریلیکسیشن مجھے دے دیں تا کہ میں تفصیل سے اپنے خیالات آپ کے سامنے رکھ سکوں۔

جناب چیئرمین: رولز کے مطابق محرک کے لئے آدھ گھنٹہ ہے اور آدھ گھنٹہ بہت کافی ہے۔ اگر آپ بھی اختصار سے کام لیں کیونکہ پھر کورم کا مسئلہ ہو گا

قاضی حسین احمد: جی آدھ گھنٹہ کافی ہے۔ میں آدھ گھنٹہ سے بھی کم وقت لوں گا۔

جناب چیئرمین: رواج یہ بن رہا ہے کہ اپنی تقریر ختم کر کے آہستہ سے کھسک جاؤ جو میرے خیال میں صحیح نہیں ہے۔

قاضی حسین احمد: اگر آپ کا اشارہ کوثر نیازی صاحب کی طرف ہے......

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں۔ میرا اشارہ کسی طرف بھی نہیں ہے۔

قاضی حسین احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! اس وقت ہتھوڑا گروپ کی سرگرمیاں بھی زیر غور ہیں اور دھماکوں کے بارے میں بھی تحریک التواء منظور ہو چکی ہے۔ ان دونوں میں یہی چیز مشترک ہے کہ یہ دونوں واقعات ملک کے اندر افراتفری، بے اطمینانی اور خوف و ہراس پیدا کرنے والے عناصر کر رہے ہیں۔ اب یہ کون لوگ ہو سکتے ہیں جو ملک کے اندر خوف و ہراس پیدا کرنا چاہتے ہیں، بے اطمینانی پھیلانا چاہتے ہیں، انتشار کی کیفیت پیدا کرنا

چاہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جو مایوسی کا شکار ہیں۔ کوئی بھی ایسی قوت جو کہ ایک ملک میں حکومت کرنا چاہتی ہو اور ان کی منشاء اور ان کا مقصد یہ ہو کہ ایک حکومت ہٹے اور ان کو حکومت کرنے کا موقع ملے وہ اپنے عوام کو اس طرح سے خوف وہراس کا شکار نہیں کرتی اور نہ ہدف بناتی ہے اس طرح کے تشدد کا۔ وہی لوگ جو بالکل مایوس (فرسٹیٹڈ) ہوتے ہیں، جن کا اس ملک کے ساتھ کوئی تعلق باقی نہیں رہتا، مایوسی کا شکار ہوتے ہیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ اس ملک کو تباہ کر دیں، اس قوم کو تباہ کر دیں اور اس قوم کو مایوسی کا شکار کر دیں تاکہ یہ اپنے مستقبل سے مایوس ہو جائے۔ وہی لوگ اس طرح کے واقعات کر سکتے ہیں اور ان دھماکوں میں بھی اور اس ہتھوڑا گروپ کی کارروائیوں میں بھی ایک یہی بات مشترک ہے کہ اس میں بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنایا گیا ہے جن کا کسی کے ساتھ دشمنی یا سیاسی مخالفت کا سراغ تک نہیں ملتا۔ اس طرح سے مظلوم، بے سہارا اور نہتے عوام کو نشانہ بنا کر ایک عام آدمی کو عدم تحفظ کا احساس دلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس لئے ہم جب ان لوگوں کو تلاش کرتے ہیں کہ یہ کون لوگ ہو سکتے ہیں جو مایوس ہیں، جو frustrated ہیں، جن کا اس ملک کے ساتھ کچھ باقی نہیں رہا، جو اس کے نظرئے کے مخالف ہیں، جو اس کو ایک نہیں رکھنا چاہتے۔ جو یہاں انتشار پیدا کرنا چاہتے ہیں، جو اس کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں اور جن کا بیرونی آقاؤں اور دشمنوں سے تعلق ہے اس طرح کے عناصر پر ہمارے ملک کے اندر بھی نظر پڑتی ہے کہ ایسے عناصر یہاں موجود ہیں۔ بدقسمتی ہے یہ ہماری، گو تھوڑی تعداد میں ہیں لیکن ایسے عناصر موجود ہیں، جن کی سیاست ہی مسلسل انتالیس چالیس سال سے منفی بنیادوں پر ہے اور ان کی سیاست مایوسی کی سیاست ہے۔ اور وہ اس پاکستان سے بدلہ لینا چاہتے ہیں کہ یہ کیوں بنا۔ ہماری مرضی کے خلاف بنا کیوں ہے۔ اور جب تک وہ اس کا تیا پانچا نہ کر لیں ان کو قرار نہیں آئے گا۔ وہ ہمیشہ مثبت سوچ سے بالکل عاری ہیں اور کسی مثبت سوچ کی صلاحیت بھی ان میں باقی نہیں رہی۔

ہم دیکھتے ہیں کہ اس ہتھوڑا گروپ اور دھماکوں کی کارروائی کے ساتھ ہی ذرائع ابلاغ، بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کو بھی استعمال کیا ہے۔ آپ کو اور ہم سب کو معلوم ہے کہ یہ بین الاقوامی ذرائع ابلاغ جس میں وائس آف امریکہ اور بی بی سی کو بھی شامل کرتا ہوں روس

اور کابل ریڈیو سمیت ان تمام ذرائع کی ایک قدر مشترک اسلام دشمنی ہے۔ اس اسلام دشمنی میں امریکہ اور بی بی سی کے یہودی عنصر جس کا ذرائع ابلاغ، جرائد، رسالوں اور ریڈیو پر مکمل کنٹرول ہے اور ان کی گرفت مضبوط ہے وہ بھی اس میں شامل ہے اور اس طرح کے واقعات کو ہوا دے کر وہ اس ملک میں مایوسی کو اور زیادہ بڑھانا چاہتے ہیں۔ اور اس میں کابل ریڈیو اور ماسکو ریڈیو بھی شامل ہے۔ اس لئے وہ لوگ اس میں کھل کر آ گئے ہیں اور اس میں ہمارے ملک کے ان عناصر نے جن کی طرف مولانا کوثر نیازی صاحب نے بھی اشارہ کیا ہے، یہاں تک کہا ہے کہ ہم اپنے بیرونی دوستوں کو بلالیں گے۔ بیرونی دوستوں کو بلانے کی بجائے یہ ان کے اشارے پر کام کرنے والے لوگ ہیں۔ جو اس ملک کے اندر رہتے ہیں اور بد قسمتی سے ہماری صفوں میں انہوں نے جگہ پالی ہے۔

یہ وہی لوگ ہیں جو یہ کہہ رہے ہیں کہ ملک میں خانہ جنگی پھیل جائے گی حالانکہ جناب چیئرمین! میں گزشتہ تین دن سے صوبہ سرحد میں رہا ہوں۔ میں نے ضلع پشاور، مردان اور سوات کا دورہ کیا ہے۔ میں اکیلا اپنے ڈرائیور کے ساتھ غیر مسلح، نہتا اس علاقے میں گیا ہوں۔ حجروں میں گیا ہوں۔ میں نے غمیوں اور شادیوں میں شرکت کی ہے۔ جلسوں میں شرکت کی ہے۔ وہاں کسی قسم کا اس طرح اشتعال نہیں ہے کہ اس میں ڈیفنس کمیٹیوں کی ضرورت ہے یا خانہ جنگی کی کوئی صورت ہے یا وہاں کوئی امن و امان کا بہت بڑا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے۔ وہ عناصر جو مایوسی کا شکار ہیں اور جو کھل کر سامنے نہیں آ سکتے، انہوں نے چوری چھپے کہیں بم رکھ دیا اور مظلوم عوام کو نشانہ بنا دیا، راستے پر چلتے ہوئے سائیکل سوار مر گئے۔ ہوٹل میں بیٹھے کوئی مسافر مر گئے۔ پی آئی اے کی بلڈنگ میں کوئی ٹکٹ لینے کے لئے، کوئی بچے سے ملنے کے لئے، کوئی کوہاٹ جانے کے لئے بے چارے آئے تھے وہ اس کا نشانہ بنے۔ اس طرح مظلوم عوام ان کا نشانہ بنے ہیں اور یہ مایوس اور بزدل عناصر کا کام ہے۔ یہ کسی بھی جری اور جرأت مند آدمی کا کام نہیں ہے کہ وہ چوری چھپے کسی بلڈنگ کے پاس کوئی بریف کیس رکھ دے تاکہ وہ بلڈنگ اڑ جائے اور اس کو کوئی اس کی پرواہ نہ ہو کہ اس میں کون مرتا ہے وہ مظلوم ہے یا ظالم ہے۔ تو بزدل اور مایوسی کا شکار لوگ یہ کام کر رہے ہیں۔

یہ کیوں کر رہے ہیں جناب والا! اس کا بڑا سبب یہ ہے کہ افغانستان کے اندر روس پھنسا ہوا ہے۔ افغانستان میں اسے استحکام بھی نصیب نہیں ہے۔ وہ افغانستان سے اب جان بھی نہیں چھڑا سکتا اب وہ ایک ایسا کمبل ہے جسے وہ چھوڑنا چاہے بھی تو کمبل اسے نہیں چھوڑتا اس کی وجہ سے وہ اب پاکستان کو اپنا ہدف بنا رہا ہے کہ افغانستان سے تو میری جان نہیں چھوٹے گی میں پاکستان میں ایسے حالات پیدا کر دوں کہ مہاجرین کو یہ جو جائے پناہ ملی ہوئی ہے 'افغان مہاجرین کو جو سر چھپانے کی جگہ ملی ہوئی ہے 'ان کے بچے اور ان کی عورتیں جو یہاں عزت کی زندگی گزار رہے ہیں' جائے پناہ کو 'اس دارالھجرت کو ان کے لئے مشکل بنا دیا جائے اور یہاں پر رہنا ان کیلئے مشکل بنا دیا جائے۔ وہ ہمارے لوگوں کے اندر اس خوف و ہراس کا احساس پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ یہ بے اطمینانی کا شکار ہو کر خوفزدہ ہو کر یہ کہیں کہ ساری مصیبت افغان مہاجرین کی وجہ سے ہے ان کو واپس دھکیل دو۔ ان کو وہاں بھیج دو کہ ہماری جان چھوٹ جائے۔ یہ روس کر رہا ہے' روس کے ایجنٹ کر رہے ہیں' لیکن ان کی وجہ سے کر رہے ہیں۔ حالانکہ جناب چیئرمین! یہ بھی آپ کو اور ساری قوم کو معلوم ہے کہ جب مہاجرین کا کوئی مسئلہ نہیں تھا اور اس وقت کوئی بھی مہاجر یہاں نہیں تھا اور نہ کسی مہاجر نے یہاں پناہ لی تھی' ۱۹۷۴ء کی بات ہے کہ یہ دھماکے یہاں شروع ہو گئے تھے۔ یہاں پیپلز پارٹی کی حکومت تھی۔ اور ان دھماکوں کی وجہ سے نیپ پر پابندی لگا دی گئی تھی۔ اسکی وجہ سے ان پر غداری کا مقدمہ بن گیا تھا۔ اسکی وجہ سے انکو حیدر آباد کی جیل کے اندر بند کر دیا گیا تھا۔ اس وقت کوئی مہاجر یہاں نہیں تھا۔ یہ ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے۔ پاکستان کو ختم کرنے' پاکستان کو تباہ کرنے کا اور اسکی وجہ سے اگر ہمیں کوئی تحفظ مل گیا ہے انکے خلاف تو وہ تحفظ ہمیں افغان مجاہدین نے افغانستان میں اپنی جدوجہد کے ذریعے فراہم کیا ہے اسکی وجہ سے ان کا ہاتھ یہاں سے نکل گیا تھا اور اب بھی جناب چیئرمین! افغانستان میں استحکام پانے کے بعد ان کا ہدف پاکستان ہی بنے گا۔

وہ یہاں پتھروں کے لئے نہیں آئے افغانستان میں انہوں نے ببرک کارمل کو وہاں اسلئے پلانٹ نہیں کیا کہ وہاں انکو پتھروں سے دلچسپی ہے۔ وہ اسلئے آئے ہیں کہ وہاں استحکام پانے کے بعد انکا اگلا ہدف پاکستان ہے۔ انکا اگلا ہدف یہ ہے کہ وہ بلوچستان کی طرف پیش قدمی کریں۔ وہ چین کے گرد گھیرا تنگ کر دیں اور وہ پختونستان اور عظیم تر بلوچستان کے یہ طرح

طرح کے شوشے جو انہوں نے چھوڑے ہیں۔ امت مسلمہ کو کاٹنے کے لئے، ان کو کمزور کرنے کے لئے، ان کو منتشر کرنے کے لئے، اپنے ان اہداف کو پورا کرنے کے لئے ہیں ان کو معلوم نہیں تھا کہ افغانستان میں ان کو یہ صورت حال پیش آئے گی لیکن وہاں پر پھنسنے کے بعد اور جب وہ وہاں پر شکنجے میں پھنس گئے ہیں تو وہ اب کوشش کر رہے ہیں کہ یہاں اپنے ایجنٹوں کو اشارہ کریں اور اس اشارے کے نتیجے میں یہاں عدم اطمینان کی ایک فضاء پیدا ہو پھر جناب چیئرمین! ہندوستان بھی اس سے خوف زدہ ہے کہ اگر افغانستان اور پاکستان کے عوام نے اسلام کی بنیاد پر ہاتھ ملا لیا اور یہ ایک ہو گئے تو یہ ایک ایسی بڑی قوت ہے کہ ہمیشہ اس نے ہندوستان میں ہندوؤں کو زیر کئے رکھا۔ اس لئے وہ ان کو اسلام کی بنیاد پر ایک ہونے کی بجائے زبان اور نسل اور علاقے کی بنیاد پر ایک دوسرے سے کاٹنا چاہتے ہیں اور اس میں وہ اپنے ایجنٹوں کو استعمال کر رہے ہیں اور انکے جو وہاں تعلقات اور انکے جو پرانے رشتے ہیں وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں بلکہ ان کی تاریخ بھی ایک ہے اور تو صد سالہ تقریب میں بھی وہاں جا کر صدارت کرتے ہیں اور معزز مہمان بنتے ہیں۔ اس لئے یہ لوگ کھلے ہوئے ملک کے دشمن ہیں اور انہیں کے ذریعے سے سارے دھماکوں کا کام اور لوگوں کے اندر مایوسی اور بے اطمینانی کا کام لیا جا رہا ہے۔

ہمیں اس پر حیرت ہے کہ حکومت اس پر کیوں خاموش ہے۔ حکومت اس کا کیوں نوٹس نہیں لیتی اور حکومت کا جو تساہل ہے وہ بالکل عیاں ہے۔ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ نے پبلک سٹیٹمنٹ میں کہا کہ کوئی سیاسی جماعت اس میں ملوث نہیں ہے میں پوچھتا ہوں کہ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ کو کیا ضرورت پیش آئی کہ اس نے یہ بیان دیا کہ اس میں کوئی سیاسی جماعت ملوث نہیں ہے۔ اس کو صفائی پیش کرنے کی اس طرح کیوں فوری پیش آئی تھی۔ یہ حکومت کا تساہل ہے اور پھر حالانکہ وزیر داخلہ نے ہتھوڑا گروپ کے بارے میں اپنے ایک بیان میں یہ کہا تھا۔ یہ جنگ کے اخبار کا تراشہ میرے پاس ہے اتوار تین کی تاریخ ہے، ۱۹۸۵ء جنگ راولپنڈی جس کی پوری شہ سرخی ہے کہ قتل کی پراسرار وارداتوں میں غیر ملکی سازش کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ وہاں بھی یہی ہاتھ ہے، دھماکوں میں بھی یہی ہاتھ ہے اور صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ پھر کہہ رہے ہیں کہ کوئی سیاسی جماعت اس میں ملوث نہیں ہے۔ ان کو ان کی صفائی پیش کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی ہے، حکومت کا یہ رویہ پراسرار ہے۔ یہ کیوں ہے، یہ چھوٹ

انہوں نے کیوں دی ہوئی ہے۔ کیوں خانہ جنگی کی کوششوں کو اور باتوں کو خود حکومت ہوا دے رہی ہے کیا یہ اخبارات ان کے کنٹرول میں نہیں ہیں جو اخبارات اس طرح کی خبریں چھاپ رہے ہیں کہ جیسے کوئی قبائلی علاقے میں طوفان آ گیا ہے، خیبر ایجنسی میں کوئی لڑائی چھڑ گئی ہے اور کوئی بہت بڑی سرگرمی ہو رہی ہے۔

میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں، خیبر ایجنسی سے چار میل کے فاصلے پر رہتا ہوں۔ میرا وہاں مکان ہے۔ مجھے خود ذاتی طور پر علم ہے کہ کوئی مسئلہ نہیں ہے خیبر ایجنسی کا یہ سارا بنایا گیا مسئلہ ہے، یہ سارا پھیلایا گیا ہے اس کو وسعت دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اور اس کو ہوا دینے کی کوشش کی جا رہی ہے اور حکومت اس پر خاموش ہے۔ نہ صرف خاموش ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا منشاء یہ ہے کہ اس طرح کی بے اطمینانی پھیلے۔ کیوں پھیلانا چاہتی ہے اور حکومت کا اس میں کیوں دخل ہے۔ حکومت جنیوا میں مذاکرات کر رہی ہے، اس میں حکومت نے کہا ہے کہ تین انسٹرومنٹس پر ہمارا تقریباً تصفیہ ہو چکا ہے، virtual agreement ہو چکا ہے، اس میں بیرونی مہاجرین کی واپسی کی بات شامل ہے۔ اس میں غیر ملکی ضمانتوں کی بات شامل ہے۔ اس میں بیرونی مداخلت کی بات انہوں نے خود اوٹ لی ہے کہ جیسے روس کے علاوہ بھی افغانستان میں کسی نے مداخلت کی ہے۔ اس پورے واقعے کو، ان تین انسٹرومنٹس کو یہ کہتے ہیں کہ ہمارا virtual agreement ہو گیا ہے۔ اس کو عملی جامہ کیسے پہنایا جا سکتا ہے۔ اسلئے یہ یہاں مہاجرین کے خلاف جو فضاء بنائی جا رہی ہے اس حکومت کا بھی اس میں ہاتھ ہے وہ یہ چاہتی ہے کہ یہ فضاء بن جائے تاکہ اگر سپر پاور کے دباؤ کے تحت امریکہ اور روس کے مفادات کے لئے اسے کوئی کام ایسا کرنا پڑے، جو مہاجرین کے خلاف ہو تو صوبہ سرحد کے عوام اس کا راستہ نہ روکیں کیوں کہ صوبہ سرحد کے عوام نے ان کو پناہ دی ہے۔ وہ صوبہ سرحد کے عوام کے بھائی ہیں۔ صوبہ سرحد کے عوام نے اپنی دشمنیاں ان سے ختم کر دی ہیں۔ ایسے واقعات موجود ہیں کہ لوگوں نے مہاجروں سے کہہ دیا کہ تمہارے ساتھ جو ہماری پرانی دشمنی تھی اس وقت تک ختم ہے جب تک تم یہ جنگ لڑ رہے ہو۔ ایسے واقعات موجود ہیں کہ کرم ایجنسی میں لوگوں نے ان کے لئے اپنے جنگلات کھول دیئے کہ تم ان جنگلات سے لکڑی کاٹ کر لاؤ اور ہمارے ہاتھ فروخت کر دو۔ انہوں نے اپنے لئے ناغہ لگایا ہوا ہے کہ خود ان کے قبیلے کا

کوئی آدمی لکڑی نہیں کاٹے گا لیکن مہاجرین کو انہوں نے اجازت دی ہے کہ یہ ضرورت مند ہیں، محتاج ہیں لوگوں نے اپنے حجروں میں ان کو جگہ دی ہے۔ لوگوں نے اپنی مساجد میں ان کو جگہ دی ہے ان کو امام مقرر کیا ہے۔ وہ ایک دین میں اور ایک ہی رشتے میں بندھے ہوئے لوگ ہیں۔ یہ مکمل جو ہم آہنگی ہے صوبہ سرحد میں اس کی وجہ سے حکومت یہ چاہتی ہے کہ اگر ہم ان کے خلاف بھی کوئی کارروائی کریں گے تو یہ ہم آہنگی ختم ہو جائے گی۔

خود حکومت کی ان پالیسیوں سے یہ مترشح ہوتا ہے۔ یہ بات اس سے بالکل ظاہر ہوتی ہے اور اس کی اور کوئی وجہ ہماری سمجھ میں نہیں آتی بجز اس کے کہ حکومت خود یہ چاہتی ہے کہ مہاجرین کے خلاف کچھ اس طرح کے اقدامات ہوں اور اس کا ایک ثبوت یہ ہے کہ مہاجرین کی کمیشنری میں ایسے افسر مقرر کر دیئے گئے ہیں جو ان کے خلاف ہیں۔ وہاں پر روز روشن کی طرح کرپشن ہو رہی ہے۔ ایک مہاجر کارڈ کے لئے تین ہزار سے لے کہ ۶ ہزار تک رشوت لی جا رہی ہے اور ایک آدمی کو خیمہ لینے کے لئے ۶ سو روپے دینے پڑتے ہیں۔ یہ مہاجرین کے ساتھ سلوک ہے یہ وہ تحفہ لے کر جائیں گے اور زخم خوردہ ہو کر یہاں کی بیورو کریسی کے ہاتھ سے جائیں گے یہاں کے عوام نے ان کے لئے اپنے ہاتھ کھول دیئے ہیں۔ اپنی جگہ دے دی ہے لیکن یہاں کی بیورو کریسی ان کو یہ زخم دے رہی ہے۔ ان کو دھوکہ دے رہی ہے۔ مہاجرین کی پوری اسٹیبلشمنی میں اس وقت بد عنوانی ہے، رشوت ہے اور انکے ساتھ توہین آمیز سلوک کیا جاتا ہے اور حکومت اس پورے واقعہ میں برابر کی شریک ہے۔ اب میں یہ عرض کرتا کہ اسکا علاج کیا ہے اگر بیرونی ایجنٹ ہیں اور خاد کے لوگ یہ کر رہے ہیں تو جناب والا! خاد کے لوگوں کو مہاجرین میں جگہ نہیں مل سکتی۔ وہ قبائل ہیں، اور ہر قبیلہ اپنے ہر آدمی کو جانتا ہے کہ اسکی کیا ہسٹری ہے اور اس کے کیا عزائم ہیں اور وہ کون ہے، کس ارادے سے آیا ہے۔ اس لئے مہاجرین کی صفوں میں خاد کا ایجنٹ نہیں رہ سکتا اور کوئی بیرون ملک رہنے والا آدمی کس ملک کے اندر تخریبی کارروائی نہیں کر سکتا جب تک اس ملک کے اندر اس کو تحفظ حاصل نہ ہو یا اگر خاد کے ایجنٹ بھی ہیں تو بد قسمتی سے یہ مال ہمارے اپنے ملک میں موجود ہے۔ اس کو درآمد کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور ہمارے اپنے ملک کا آدمی ان کا ذریعہ بن رہا ہے۔

قبائل کے اندر کوئی بھی دشمن جگہ نہیں پا سکتا۔ یہ اگر اندرونی ایجنٹ ہیں تو ان کے خلاف وہی کام اور طریقہ ہونا چاہئے جو فساد فی الارض کے مرتکب لوگوں کے خلاف ہوتا ہے۔ فساد فی الارض کے مرتکب لوگوں کے خلاف جو قرآن کریم کی آیت ہے وہ زہری صاحب نے اس سیشن کے شروع ہونے سے پہلے پڑھی تھی۔ تو فساد فی الارض لوگوں کے لئے جو سزا ہے وہی سزا ان لوگوں کو ملنی چاہئے۔ وہی رویہ ان لوگوں کے ساتھ اختیار کرنا چاہئے۔ یہ ایسی سرگرمیاں نہیں ہیں جن پر ہم بالکل ہی سہل انگاری کا رویہ اختیار کریں اور مجھے یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جب بھی امن و امان کی کسی بات پر یہاں ڈسکشن ہوتی ہے تو اس کے جواب میں وزارت داخلہ کی طرف سے ہمیں جواب ملتا رہا ہے۔ یہ تو ہوتا ہی رہتا ہے اور ساری دنیا میں یہ ہو رہا ہے یہاں رشوت اور بدعنوانی پر بات ہوئی تو ہمارے وزیر داخلہ نے کہا کہ رشوت تو ساری دنیا میں ہے۔ رشوت کو کون روک سکتا ہے یہاں امن و امان کی صورت حال پر بحث ہوئی۔ وزارت داخلہ کے جو وزیر مملکت ہیں ہماری بدقسمتی سے انہوں نے یہ کہہ دیا' یہ تو خوش قسمتی ہوتی ہے کہ اگر کوئی مجرم پکڑا جائے ورنہ مجرم کہاں پکڑا جاتا ہے۔ یہ ریکارڈ پہ ہے کہ یہ تو خوش قسمتی ہوتی ہے کہ مجرم پکڑ لیا جاتا ہے۔ جس حکومت کی وزارت داخلہ کا یہ حال ہو' اور ان کا ارادہ اتنا کمزور ہو' جہاں (will) ارادہ ہی نہ ہو' جہاں اٹینشن ہی نہ ہو' جہاں ارادہ فساد کو روٹ آوٹ کرنے کا اور ختم کرنے کا نہ ہو تو کیسے یہ سارا فساد ختم ہو گا۔

اس لئے جناب چیئرمین! میں یہ چاہتا ہوں' اگرچہ میں نے عرض کیا ہے کہ اس وقت یہ معمولی نوعیت کا واقعہ ہے اور اس کو ہوا دی جا رہی ہے لیکن یہ باتیں سہل انگاری کے نتیجے میں بڑھ سکتی ہیں اور تسائل کے نتیجے میں' اور اس کو روٹ آوٹ کرنے کا ارادہ نہ ہونے کی وجہ سے' اس سے پورے ملک اور پوری قوم کا مستقبل متاثر ہو سکتا ہے۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ اس کے خلاف ایک مضبوط پالیسی بنائی جائے اور مضبوط اقدامات کئے جائیں تاکہ یہ دھماکے' تھوڑا گروپ اور اس طرح کی چیزیں بالکل مکمل طور پر اس ملک سے ختم ہو جائیں اور اس کو ختم کرنا کوئی ناممکن کام نہیں ہے۔ یہ سارے لوگ محبّ وطن ہیں' اور جو تخریب کار لوگ ہیں وہ اس میں آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں ہیں۔ اور ان کو بہت آسانی سے ختم کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اگر حکومت ایسی ہو' جس کا اصلاح کا سرے سے کوئی ارادہ ہی نہ ہو' اور وہ سارا

دن اسی میں لگی رہتی ہے کہ لوگ آتے ہیں اور سفارشیں کرتے اور روزمرہ کے کاموں میں لگی رہتی ہے۔ سینیٹر صاحبان اور اسمبلی کے ممبر صاحبان بھی سارا دن اسی میں لگے رہتے ہیں کہ عام قسم کے چھوٹے موٹے تبادلے، ٹرانسفر کی سفارشیں ہیں اسی میں لگے رہیں تو اتنے بڑے مسائل جن کا ہمیں سامنا ہے یہ حل نہیں ہو سکیں گے۔ اگر اس سیاسی حکومت کو کامیاب بنانا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ یہ سیاسی حکومت اپنی پالیسی بنائے اور مضبوطی سے ان پالیسیوں کو آگے بڑھانے کی کوشش کرے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے

کوئی اور صاحب جو بولنا چاہیں، جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب چیئرمین صاحب! ان دھماکوں یا تخریب کاری یا ہتھوڑا گروپ کا یہاں ذکر کرنا واقعی تشویش ناک ہے۔ حکومت اس کا تدارک کر رہی ہے اور کرتی رہے گی، لیکن اس نظریئے سے اسے موضوع تحریک التواء بنانا، اس کو زیادہ تشہیر دینا میرے نقطہ نگاہ سے یہ زیادہ ہراس منٹ پیدا کرنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ ابھی مقررین میں سے مولانا صاحب نے بڑے مدلل طریقے سے وضاحتیں کی ہیں، جس پر میں اپنا اظہار خیال ضروری سمجھتا ہوں۔ سابق حکومت کے ساڑھے سات سال تو گنے جاتے ہیں اور اس کو نام نہاد اسلامی نظام سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ لیکن چاہئے تو تھا کہ اس سات سالہ دور کا مقابلہ اس دور سے کیا جاتا جس میں کھلے بندوں ڈکیتیاں ہوتی رہی ہیں۔ لوگوں کی عزت و ناموس سے کھیلا جاتا رہا ہے۔ لوگوں پر طرح طرح کے مظالم ڈھائے جاتے رہے ہیں۔ اور اس دور میں دلائی کیمپ جیسے جیل خانے کھولے گئے ہیں اور شریف لوگوں کو لاہور میں اور جھنگ میں کھلے بندوں قتل کیا گیا۔ اگر اس کا ذکر بھی وہ مقرر صاحب کر دیتے کیونکہ اس دور میں بھی وہ وزارت کے عہدے پر فائز رہے ہیں تو نہایت اچھا ہوتا ان دونوں وقتوں کا موازنہ کیا جاتا تو اس سے ہم اس نتیجے پر پہنچتے کہ اس زمانے میں آجر اور کارخانہ دار کو لڑایا گیا۔ اس زمانے میں کسان اور زمیندار کو لڑایا گیا، اس طرح کے کھیل وہ کھیلتے رہے اور نتیجہ یہ ہوا کہ ملک میں نظام مصطفیٰ کی تحریک چلی اور وہ اس حکومت کو لے بیٹھی۔

جناب والا! اشارہ " آج ہی اس پراسرار شخصیت کا ذکر قاضی حسین احمد صاحب نے بھی کیا ہے ایک تحریک التواء کی صورت میں ایک اچھے پایہ کے سیاست دان سے تشبیہ دے کر تحفظ کیلئے یہاں کہا جاتا رہا ہے کہ اس پر عمداً حملہ کیا گیا ہے۔ اس کے پیچھے سی آئی ڈی لگی رہتی ہے۔ لیکن دوسرے اخبار میں جب ان کا تجزیہ کیا گیا تو اسے ملوث کیا گیا کہ وہ صوبہ سرحد میں فساد کی جڑ ہے۔ اس کا حکومت کو نوٹس لینا چاہئے۔ تو اس تضاد بیانی سے گریز کرنا چاہئے۔ ہمیں صحیح طریقے سے اس کا احتساب کرنا چاہئے کہ واقعی اس وطن میں کون تخریب کار ہے۔ کون تخریب کاروں کی سرپرستی کرتے ہیں۔ تاکہ اس سے گورنمنٹ بھی نبٹے۔ میں حکومت سے یہ درخواست کروں گا کہ ان کا رویہ اس میں زیادہ سخت ہونا چاہئے تاکہ یہ وارداتیں بار بار دہرائی نہ جائیں یہ واقعی تشویش ناک حالت ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ حکومت اس سلسلے میں کارروائی کرے گی، شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین! اس وقت پورے ملک میں صف ماتم بچھی ہوئی ہے اور اس وقت ہر گھران حالات سے دوچار ہے۔ اگر ایک ملازم ہے، باہر جاتا ہے اس کے لواحقین یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ اب یہ شخص بخریت واپس گھر پہنچے گا یا نہیں۔ اگر دن بھر کی محنت اور کام کاج کے بعد وہ گھر میں سونا یا آرام کرنا چاہے تو بھی وہ گھر آرام گاہ نہیں بن سکتا بلکہ وہ گھر اس کے لئے آخری آرام گاہ بننے کا مترادف بن سکتا ہے۔ بموں کے جو دھماکے ہو رہے ہیں وہ صرف اور صرف حکومت کی آخری درجے کی ناکامی کا ایک کھلا ثبوت ہے اور اگر حکومت نے اس ابتدائی دور میں یہ کام سرانجام نہیں دیا تو میں نہیں سمجھتا کہ یہ حکومت مزید ایک سال سے آگے تک چل سکے گی ضرورت اس بات کی ہے کہ جو ان کے فرائض ہیں ان کو صحیح طور پر انجام دینے چاہئیں اور ان پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ اپنی رعایا کی عزت و ناموس کا تحفظ صحیح طور پر کریں یہ نہ صرف ان پر لازم ہے بلکہ اس موجودہ حکومت کا فرض عین بنتا ہے کہ وہ صحیح طریقے سے لوگوں کی جان و مال کا تحفظ کرے۔ جہاں تک ان حالات کا تعلق ہے تو اس میں وہ غداران وطن بھی شریک ہیں جن کے آقا باہر کے ملکوں میں ہیں اور وہاں سے جب انکو اشارہ ملتا ہے تو بہت بلند بانگ دعوؤں سے باہر جاتے ہیں اور پھر واپس آکر ان کی ہدایات کے مطابق یہاں عمل پیرا ہوتے ہیں۔

اسی طرح اسے بڑھا چڑھا کر پیش کرنے میں زرد صحافت کا بڑا کردار ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ پارلیمینٹ کے ممبران کی کوئی بھی تقریر، کوئی بھی بات اس طرح شائع نہیں ہوتی، لیکن اگر ہوتی ہے تو غداران وطن کی شہ سرخیوں کے ساتھ اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ بم کے دھماکوں سے زیادہ اس میں زرد صحافت کا بڑا حصہ ہے اور وہ اس طرف توجہ دیں اور حکومت یہ دیکھے کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔ ہم سب نے مل کر اس ملک کو چلانا ہے۔ ہمیں حکومت سے ہمدردی نہیں ہے۔ ہمیں اس ملک سے ہمدردی ہے اور جو ملک سے ہمدردی رکھتا ہے اور جو اس کی حفاظت کرتا ہے اور اس کی خدمت کرتا ہے تو ہم اس کے ساتھ شانہ بشانہ لڑیں گے۔ اس کے ساتھ ہم تعاون کریں گے۔ لیکن اگر وہ بھی غداران وطن کے ساتھ ملے تو یاد رکھیں ہم غریب جتنے بھی ہیں ہم اس حکومت کو مجبور کریں کہ آپ کا کام صرف بلند بانگ دعوے کرنا ہی نہیں ہے، اور ایک اچھے انداز میں بنگلوں میں بیٹھنے کی بجائے اس ملک کی حفاظت کرنا بھی آپ کا فرض ہے۔ لہٰذا میری یہی گذارشات ہیں کہ ہم پچھلی حکومت کی سنت اور طریقوں پر عمل نہ کریں بلکہ ہماری اپنی ایک شخصیت ہے اور ہم اپنا کردار سرانجام دیں اور اس ملک کو صحیح طریقے سے چلائیں اور اس کی خدمت کریں یہی میری گذارش ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب چھتاری صاحب۔

جناب راحت سعید چھتاری: حضور والا! حکومت کا سب سے اہم فرض یہ ہے کہ وہ اپنے لوگوں کی حفاظت کا انتظام کر سکے۔ اس کے اوپر اب تک دو تین فاضل مقررین نے بات کی ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہمیں دیکھنا یہ چاہئے کہ کن کن ادوار میں اور کن کن حالات میں امن عامہ کی صورت بگڑتی چلی گئی ہے۔ اس کو ایک دوسرے کے ساتھ جب تک منسلک نہ کر لیں ہمیں یہ فیصلہ کرنے میں بڑی دشواری پیش آئے گی کہ اس law and order کے بگڑنے کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے۔ اگر ہم یہ فیصلہ کر سکیں کہ ہماری طرف سے کیا غلطیاں ہوئی ہیں، دوسرے کی طرف سے کیا غلطیاں ہوئی ہیں، ہماری داخلی اور خارجی پالیسیوں میں کیا نقائص تھے اور اس کے اثرات ان مختلف شکلوں میں ظاہر ہو رہے ہیں تو شاید یہ ہمارے لئے بہتر اور آسان ہو کہ ہم مرض کی تشخیص کر سکیں۔

جناب والا! یہ دیکھنا چاہئے کہ پاکستان میں تخریب کاری کا آغاز کب ہوا اور کس کے ماتحت ہوا؟ اس پر اگر آپ ایک نظر رکھیں اور یہ دیکھیں کہ مختلف ادوار میں جب کبھی وہاں

چوٹ پڑی ہے تو تخریب کاری نے یہاں ایک شکل اختیار کرلی ہے یہ اتنا اہم مسئلہ ہے کہ صرف انٹرئیر تک محدود نہیں ہونا چاہئے۔ میں چاہتا تھا کہ آج وزیر خارجہ یہاں ہوتے تو وہ بھی اس کے اوپر بات کرتے۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ہماری خارجہ پالیسی کے اثرات کس کس طرح کن کن حالات میں بدلے۔ بغیر اس کے ہم اپنے داخلی معاملات کا جائزہ نہیں لے سکتے۔ اس وقت ہم جس دور سے گزر رہے ہیں وہاں داخلہ پالیسی کو خارجہ پالیسی سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ جو ایک ہاتھ سے کرتے ہیں اس کے دوسرے ہاتھ پر کیا اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ جب تک ہم اس کا اس طرح تجزیہ نہ کرلیں ہمارے لئے ان حالات پر قابو پانا ناممکن ہو جائے گا۔ تو میری گذارش یہ ہے کہ اس چیز کا ذرا گہرائی میں جاکر مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اب صحافت کی بات کی گئی ہے تو ہمیں دیکھنا چاہئے کہ ہم نے اپنی صحافت سے کیا کیا ہے۔ اگر ہم یہ کہیں کہ اپنی صحافت سے وہ انصاف کیا ہے جس کے وہ مستحق تھے تو پھر اس کی ضرورت کبھی نہ ہو کہ وہ اپنی شہ سرخیوں میں ان کی بات کریں جن کا ہم سے تعلق نہیں۔ لیکن ہمیں اپنے گریبان میں بھی منہ ڈال کر دیکھ لینا چاہئے۔

اتنی نہ بڑھا پاکئی داماں کی حکایت۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ جناب فرید اللہ خان صاحب۔

## ADJOURNMENT MOTION RE: BOMB BLAST IN PIA BUILDING AT PESHAWAR

ملک فرید اللہ خان: جناب والا! میں ذرا اختصار سے عرض کروں گا کہ صوبہ سرحد میں جو دھماکے ہوئے ان کا اثر جو آج ہم محسوس کر رہے ہیں۔ اگر ہم ذرا پیچھے ہٹ کر دیکھیں تو یہ دھماکے پانچ چھ سالوں سے جاری ہیں۔ اسی ایوان میں ہم نے ان دھماکوں کے خلاف تحریک التواء پیش کی اور اس وقت بھی یہی عرض کیا کہ یہ دھماکے قوم و ملک کے لئے خطرناک ہیں۔ قبائلی علاقے میں روزانہ پاکستانی حدود کی خلاف ورزیاں ہوتی رہیں، افغانستان کے جہاز بمباری کرتے رہے، افغانستان کی آٹیلری شیلنگ کرتی رہی لیکن قبائلی علاقہ اور سیٹلڈ ایریا میں فرق ہے۔ قبائلی علاقے اس کو خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرتے رہے وہاں جلوس اور جلوسوں کی کارروائیاں نہیں ہوتیں۔ وہاں پوسٹر نہیں چھاپے جاتے، جب کہ شہر میں ایک دھماکہ ہوا تو صوبہ سرحد کی حکومت کی بنیادیں ہل گئیں۔ اس کے اثرات اتنے

گھرے ہیں کہ اگر ہم یہ کہیں کہ وہاں کی law and order کی صورت حال اطمینان بخش ہے تو یہ ٹھیک نہیں ہو گا کیونکہ انہی دھماکوں کی وجہ سے طلباء کی ہڑتالیں ہوئیں، یونیورسٹیاں بند ہیں، تعلیمی ادارے بند ہیں۔ اگر ہم جائزہ لیں تو انتہائی خطرناک صورت حال ہے۔ اس کے برعکس پشاور میں یا صوبہ سرحد کے دوسرے اضلاع میں ہر ایک آدمی ہوٹل میں رہنے سے ہچکچاتا ہے۔ اگر کوئی آدمی ہوٹل میں داخل ہو تو اس کی تلاشی لی جاتی ہے، شاہراہوں پر رکشوں کی چیکنگ ہوتی ہے۔ آپ کسی سرکاری دفتر میں نہیں جاسکتے۔ آپ کی گاڑی کی چیکنگ ہوتی ہے تو ایسی صورت حال کو نارمل نہیں کہا جاسکتا۔

اور اس طرح جناب قبائلی علاقہ نے افغان مہاجرین کو پناہ دیکر سب سے بڑا بوجھ اٹھایا ہوا ہے۔ ہمارے جنگلات ضائع ہوئے، معاشی اور اقتصادی لحاظ سے ہم پہ اثر پڑا لیکن ہم نے انکو بحیثیت مسلمان اپنا فریضہ سمجھ کر اپنے علاقے میں جگہ دی۔ لیکن ہم بار بار حکومت سے ان مہاجرین کے متعلق پالیسیوں سے متعلق گذارش کرتے رہے ہیں کہ یہ قبائلی علاقہ ہے۔ یہاں ہم سینٹ میں کوئی سوال کریں تو حکومت والے اسے ایک خاص نوعیت والا علاقہ قرار دیتے ہیں۔ تو اس میں ہم نے یہی کہا کہ ان رلیفیو تیز کے متعلق جو بھی پالیسی حکومت بناتی ہے، اس میں قبائلی علاقہ کو شامل کیا جائے۔ کیونکہ ایک وقت ایسا آئے گا کہ یہ قبائل انکو اپنے علاقے میں سے بھگائیں گے، اگر غلط پالیسیاں بنیں جیسے آج ہم دیکھ رہے ہیں۔

جناب والا! صوبہ سرحد کی حکومت نے کھلے بندوں کہہ دیا ہے کہ ان دھماکوں میں بیرونی عناصر کا ہاتھ ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے بھی کچھ سیاسی رہنما ہیں جو یہ کھلے بندوں کہتے ہیں کہ جناب یہ سب کچھ مہاجرین کی وجہ سے ہوتا ہے اور حکومت کی غلط پالیسی کی وجہ سے ہوتا ہے اور اس کا ہماری حکومت نے نوٹس نہیں لیا۔ مہاجرین کے متعلق ہمیں ایک ایسی مربوط پالیسی بنانی چاہیئے کہ ہم اپنا گھر بھی بچالیں اور ان کا بھی مقصد حل ہو۔ قبائلی علاقہ کے عوام جیسے قاضی صاحب نے فرمایا ہے کہ محبّ وطن ہیں اور ان کی صفوں میں انتشار پھیلانے کے لئے جو بھی کوششیں کی جائیں وہ کامیاب نہیں ہو سکتیں۔ اس کی سب سے بڑی مثال یہ ہے کہ گذشتہ پانچ چھ سالوں سے ۲۵ لاکھ کے قریب لوگ یہاں رہ رہے ہیں۔ آپ مجھ سے زیادہ اچھی طرح واقف ہیں کہ ہمارا علاقہ تنگ اور غریب ہے اور ذرائع آمدن بھی کم ہیں لیکن ہم یہ بوجھ بحیثیت مسلمان فرض سمجھ کر اٹھائے ہوئے ہیں۔

جناب والا! میں یہ کہوں گا کہ ۵ سالوں میں جو کارروائیاں قبائلی علاقوں میں ہوتی رہیں اس صورت حال اور آج کی صورت حال میں فرق ہے۔ کیونکہ اب انہوں نے اپنی سٹر سیٹجی تبدیل کرلی ہے ان کو معلوم ہے کہ نہ تو قبائلی جلوس نکالیں گے نہ ہڑتال کریں گے اور نہ ہی دکانیں بند کریں گے تو انہوں نے اپنا رخ شہروں کی طرف کرلیا ہے۔ شہروں میں آپ دیکھتے ہیں کہ ایک بم کا دھماکہ ہوا اور صوبہ سرحد کا نظم ونسق ہل گیا۔ تعلیمی ادارے بند ہیں اور وہاں کی Security کسی سے پوشیدہ نہیں۔ لہٰذا اس کے لئے ایک ایسی پالیسی بنائی جائے کہ ان لوگوں پر جو اندرون ملک ہیں ان پر کڑی نظر رکھی جائے اور خصوصاً اس وقت جب کہ ہم جمہوریت کا آغاز کرچکے ہیں۔ اس وقت اس حکومت کو بھی ناکام بنانے کی کوشش ہو رہی ہیں۔ جب law and order کا مسئلہ پیدا ہوگا تو یہ طلباء اور عوام سڑکوں پہ آئیں گے تو یہ حکومت کے بس کی بات نہیں ہوگی۔ اس کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

قاضی حسین احمد: میں جناب فرید اللہ خان سے باقی تو اتفاق کرتا ہوں لیکن تعلیمی اداروں کے بند ہونے کا انہوں نے جو ذکر کیا ہے اس کا مہاجرین اور دھماکوں سے تعلق نہیں ہے۔ مردان کالج میں پولیس گئی ہے اور اس نے وہاں طلباء پر تشدد کیا ہے اور طلباء اس کے خلاف احتجاج کر رہے تھے۔

جناب چیئرمین: وہ الگ موضوع ہے۔ ان کو اپنی رائے کے اظہار کا پورا حق حاصل ہے۔ اور کوئی صاحب بولنا چاہتے ہیں؟

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب چیئرمین! اس موضوع پر بہت سی باتیں ہو چکی ہیں۔ ان کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ حکومت کی ذمہ داری تو بے شک ہے مگر جب تک حکومت کے ساتھ عوام کا تعاون نہ ہو اکیلی حکومت کبھی ایسے معاملے میں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ حکومت کو عوام کی حمایت کیوں حاصل نہیں ہے یا کہ عوام کی حمایت حاصل کرنے میں ناکام کیوں ہوئی ہے۔ پاکستان کی تاریخ بہت مختصر سی ہے۔ اس تاریخ میں ہم نے ایک چیز واضح دیکھی ہے کہ جو بھی پاکستان کے خیر خواہ تھے۔ جنہوں نے پاکستان کی بنیاد کے لئے پہلی اینٹ کا کام کیا وہ نظرانداز ہوئے اور ان لوگوں کی حیثیت اور وقعت بڑھ گئی جو اس کے خلاف تھے، ہیں اور ہوں گے۔ اس تضاد کو دیکھتے ہوئے لوگوں کی حکومت سے دلچسپی ختم ہوگئی۔ مجھے یاد ہے، بیالیس سال میں نے سروس کی اور کوئی ایسی پوسٹ

نہیں ہے جس پر میں نہ رہا ہوں۔ ہمارے علاقے میں یہ دستور ہوتا تھا کہ جب کوئی غیر آدمی ' انجان آدمی ہمارے علاقے سے گزرتا تھا تو دنیا کو پتہ چل جاتا تھا کہ آج فلاں آدمی آیا ہے اور فلاں جگہ سے آیا ہے۔ اس کا نوٹس لیا کرتے تھے لوگوں کو ذمہ داری کا احساس ہوتا تھا۔ اس ذمہ داری کی وجہ سے امن وامان ہوتا تھا۔ ابھی میں وہاں چلا گیا۔ پتہ چلا کہ وہاں رات کو نہیں جاسکتے۔ یہ وہ علاقہ تھا جہاں رات کو جس وقت چاہے جاسکتے تھے۔ اب وہاں ڈاکے پڑتے ہیں۔ ذمہ داری کوئی نہیں ہے' ہر جگہ پر پولیس تعینات نہیں ہو سکتی جو پالیسیاں تھیں ان میں ترمیم کی گئی' لوگوں کی روایات سے انحراف کیا گیا' ان باتوں کی وجہ سے فضا میں تبدیلی آئی ہے۔ حکومت میں تبدیلی آئی ہے۔ ظاہر ہے کہ جو بھی دھماکے ہوتے ہیں وہ اس ملک کے آدمی نہیں کرتے یہ جاسوس کرتے ہیں۔ جو اس ملک کے دشمن تھے' ہیں اور رہیں گے وہ اس ملک کو نہیں چاہتے۔ ظاہر ہے جو شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ افغانستان کی جنگ روس اور امریکہ کی جنگ ہے اس بات سے صرف نظر کرتے ہوئے کہ وہاں پر فوج کس کی ہے' اس بات کو نظرانداز کرتے ہوئے کہ وہاں پر دس لاکھ افغان شہید ہو چکے ہیں۔ پھر بھی اسے روس اور امریکہ کی جنگ قرار دینا اور اس چیز کا پروپیگنڈا کرنا' اس پر تبصرہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ تو سامنے ہے۔

میں کہتا ہوں کہ افغانستان کا محاذ پاکستان کی جنگ ہے۔ یہ آزاد دنیا کی جنگ ہے۔ یہ اسلام کی جنگ ہے۔ میرے پاس اکثر مہاجر آتے ہیں' مجاہدین آتے ہیں۔ ان کے کام ہوتے ہیں' وہ اپنی تکالیف بیان کرتے ہیں۔ سلسلہ اس طرح خراب ہوا کہ تحصیلدار جس کے ہاتھ میں راش ہوتا ہے۔ وہ اپنی مرضی سے دیتا ہے۔ میں ہوتا تو کیا کرتا میں ایک کیمپ سے کہہ دیتا کہ مجھے پانچ آدمی دے دو۔ وہ پانچ آدمی آپ کو دیتے وہی اپنے تمام علاقے کے لوگوں کا نظم و نسق بھی پہچانتے ہیں' جو دشمن ہیں ان کو بھی پہچانتے ہیں۔ میں کوئٹہ میں گیا تھا وہاں مجاہدین میرے پاس آئے' ایک عربی میرے ساتھ تھا انہوں نے بتایا کہ پولیس انہیں پکڑ لیتی ہے۔ ہمارے پاس تو اٹھنّی بھی نہیں ہوتی' ہم تو جیل میں چلے جاتے ہیں لیکن جاسوسوں کے جیب بھرے ہوتے ہیں اس لئے پولیس انہیں چھوڑ دیتی ہے۔ وہ ڈر کے مارے بات نہیں کر سکتے۔ یہ جو دھماکہ ہوا ہے اس کے بارے میں چار پانچ آدمی بات کر رہے تھے۔ میں نے انہیں کہا کہ فلاں کے پاس جاؤ' انہوں نے بتایا کہ یہ آدمی لاہور جا رہا ہے۔ یہ پوچھ رہا ہے کہ میں کس سے ملوں اور کس سے نہ ملوں۔ یہ دروازے بھی باقاعدہ کھلنے چاہئیں' کانوں کو بھی کھولنا چاہئے اور

آنکھوں کو بھی کھولنا چاہئے۔ سیکورٹی ٹریننگ میں کہا جاتا ہے کہ آنکھیں کھولو اور منہ بند رکھو۔ ہم لوگوں نے منہ کھول دیا ہے اور آنکھوں اور کانوں کو بند کر دیا ہے۔ اس کی وجہ سے یہ وارداتیں ہوتی ہیں۔ ہمیں اس معاملہ میں صحیح نوٹس لینا چاہئے۔ جو ملک کے غدار ہیں ان کے گلے میں غداری کا تمغہ پہنا دینا چاہئے۔ اس پر سے شرافت کا لبادہ اتار دیں۔ جو ملک کے ساتھ ہیں، جو اسلام کے ساتھ ہیں وہ اس ملک کے وفادار ہیں۔ جس کا نظریہ دوسرا ہے وہ اس ملک کا وفادار کبھی بھی نہیں ہو سکتا۔

زبان اور قومیت کا مسئلہ ہمارا نہیں تھا۔ پاکستان جب بنا تو بلوچستان میں شاہی جرگے کے لوگ قبائلی تھے۔ ہم نے کبھی زبان کا مسئلہ نہیں اٹھایا، اسلام کی بات ہوتی تھی آپ دیکھئے نسیم حجازی اس زمانے میں ہمارے پاس موجود تھا۔ اس نے کوہستان کو بند کیا یہ مخلص آدمی تھا۔ اسے کیوں بند کیا؟ یہ کسی نے نہیں پوچھا۔ پاکستان بننے کے بعد اس ملک کی حکومت میں ایسے لوگ آگئے جن کی ذاتی غرض کے علاوہ کوئی تعلق، محبت اس ملک سے نہیں تھی۔ اب یہ سوال ہے کہ ان چیزوں کا تدارک کیسے کرنا چاہئے۔ صرف وزیر داخلہ کو مورد الزام نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔ ہم سب مورد الزام ہیں۔ جس کی آنکھوں کے سامنے کوئی واقعہ ہوتا ہے وہ کیوں اسے چھپاتا ہے۔ وہ کسی کی گردن کو کیوں نہیں پکڑتا کہ میں آپ کے سامنے یہ بات لایا، آپ نے نوٹس کیوں نہیں لیا۔ آپ نے کام کیوں نہیں کیا۔ رشوت چلتی ہے اور یہ یقینی بات ہے کہ جس کی جیب میں پیسے ہوں خواہ وہ ملک دشمن ہی ہو اسے کوئی بند نہیں کر سکتا، ہمیشہ غریب اور مخلص پھنستا ہے۔ ہمیں پبلک کا تعاون حاصل کرنے کے لئے وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ ہم یہاں آئے ہوئے ہیں۔ دیکھتا ہوں کہ ہال خالی ہوتا ہے، یہ کیوں ہے؟ ہم یہاں کس کام کے لئے آئے ہیں؟ کرسی کے لئے آئے ہیں، وزارت کے لئے آئے ہیں یا ہمارے ذمے جو کام قوم نے لگایا ہے اس کے لئے آئے ہیں؟ اگر ہم اس کام میں پورے نہ اترے تو سمجھیں کہ ہم نے وقت ضائع کیا ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں کہتا ہوں کہ عوام کی حمایت حاصل کرنے کے لئے عقل، صلاحیت اور دماغ لائیں۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ان دونوں التواء کی تحریکوں پر مختلف پہلو آپ کے سامنے آچکے ہیں۔ جو نکات بیان کئے گئے ہیں ان سے مکمل

احتراز کرتے ہوئے چند بنیادی باتیں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ تین ایشوز ہیں جو اس وقت ہمارے زیر غور ہیں۔ پہلا یہ کہ موجودہ حکومت اور خصوصیت سے مارشل لاء کی حکومت جس نے ساڑھے آٹھ سال حکومت کی ہے وہ ملک میں امن وامان قائم کرنے 'لوگوں کی جان' مال وعزت اور آبرو کی حفاظت کرنے میں ناکام رہی ہے۔ یہ ایک امر واقعہ ہے۔ اور بلاشبہ پیپلز پارٹی کے دور میں جو مظالم' جو زیادتیاں عوام کے ساتھ ہوئیں' سیاسی کارکنوں کے ساتھ ہوئیں وہ نہایت شرمناک ہیں اور انہیں جتنا کنڈم کریں کم ہے۔ لیکن پاکستان بیسک فیکٹس کا تازہ ترین شمارہ اگر آپ کی نظر سے گزرا ہو تو آپ اس کے صفحہ ایک سو دس پر یہ پائیں گے کہ ۷۷۔ ۱۹۷۱ء کے درمیان اور ۸۴۔ ۱۹۷۷ء کے درمیان اس ملک میں جرائم کی کیا کیفیت رہی۔ ۱۹۷۷ء اور ۱۹۸۴ء میں اس ملک میں جرائم کی کیا کیفیت رہی ہے اور یہ آپ موازنہ کریں تو میں آپ کے سامنے صرف وہ موٹی موٹی چیزیں رکھتا ہوں جن کا تعلق آج کی بحث سے ہے قتل ۱۹۷۷ء میں ۱۹۷۱ء کے مقابلے میں ۱۰ فیصدی زیادہ ہوئے لیکن اب یعنی پچھلے سالوں میں ۷ افیصدی کا اضافہ ہوا۔ ڈاکے ۱۹۷۱ء کے مقابلے میں ۱۹۷۷ء میں ۴۱ فیصد زیادہ ہوئے لیکن ۱۹۷۷ء کے مقابلے میں ۱۹۸۴ء میں ۲۱۷ فیصدی اضافہ ہو گیا' چوریوں میں ۱۹۷۷ء میں ۱۹۷۱ء کے مقابلے میں ۷۰ فیصد اضافہ ہوا ہے اور ۱۹۷۷ء کے مقابلے میں ۱۹۸۴ء میں اضافہ ۱۴۵ فیصد ہوا۔ یہی کیفیت نقب زنی کی ہے یہی کیفیت فسادات کی ہے اور یہی کیفیت دوسری چیزوں کی ہے۔ اور یہ سرکاری اعداد و شمار ہیں۔ میرا مقصد نہ اس کی تائید ہے نہ اس کی توصیف' میں صرف حقائق آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں اور اس پہلو سے ہمیں اس المناک حقیقت کو تسلیم کرنا چاہئے کہ وہ حکومت جس کا طرہ امتیاز ہی امن وامان کا قیام ہو سکتا تھا اس لئے کہ مارشل لاء کا کوئی جواز سیاسی ہے نہ نظریاتی ہے اور نہ اخلاقی ہے اگر کبھی کوئی جواز دیا گیا تو وہ یہی ہے کہ امن تباہ ہو رہا تھا خواہ وہ اندرونی اختلافات کی بنیاد پر ہو یا بیرونی خطرات کی بنیاد پر' لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں یہ قوم جس چیز سے سب سے زیادہ محروم رہی ہے وہ امن وامان اور جان ومال کا تحفظ ہے۔

دوسری بات جناب والا! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ جن واقعات کی طرف اس وقت اشارہ کیا جا رہا ہے یہ اس سے بڑھ کر ہیں۔ اس ملک میں اگر آپ پچھلے سو سال کی تاریخ کو لیں تو جو pattern of murder ہے اس کو آسانی سے تین چار درجوں میں رکھا جا سکتا

ہے۔ یہ مال کے لئے ہوتا ہے، یہ عورت کے لئے ہوتا ہے یہ انتقام کے لئے ہوتا ہے یہ زمین کے لئے ہوتا ہے لیکن جو pattern اس زمانے میں ہمارے سامنے آ رہا ہے وہ traditional pattern سے بالکل ہٹ کر ہے۔ فطری طور پر غور کرنا چاہئے کہ ایسا کیوں ہے اور اس کے پیچھے کیا عوامل کارفرما ہیں؟ اور یہاں میں سمجھتا ہوں کہ حکومت ناکام رہی ہے کیونکہ پے در پے یہ واقعات ہو رہے ہیں۔ لیکن سنجیدہ طور پر اس کا جائزہ لینا اور اس کے حل کا راستہ نکالنا اور اس چیلنج کا مقابلہ کرنا اس میں وہ ناکام رہی ہے۔ جیسا کہ ابھی کہا گیا کہ جس ایک واقعے کے بارے میں کوئی وضاحت ہوئی ہے وہ قطعاً ناکافی ہے اور میں مطالبہ کرتا ہوں کہ دھرم پانی کے واقعہ کی دوبارہ تفتیش ہو اور کھلی عدالت میں یہ ٹرائل کیا جائے تو آپ یہ پائیں گے کہ فوج اور پولیس نے لوگوں کو غلط طور پر involve کیا ہے اور وہ اسی طریقے سے پراسرار قتل ہیں جس طرح کہ اس سلسلے کے باقی تمام قتل ہیں۔

تیسرا پہلو اس کے اندر جناب والا! بیرونی دھماکوں اور بیرونی عناصر کے ڈائریکٹ ہاتھ کا ہے جو سرحد میں خاص طور پر اور باقی پورے ملک میں بھی اس طرح کے واقعات ہو رہے ہیں۔ ایوان میں اس مسئلے کو لانے کا ہمارا مقصد یہ ہے کہ حکومت "سب اچھا" ہے کی روش کو ترک کرے، جو حقائق ہیں ان کو تسلیم کرے اور ایسی پالیسی بنائے جس کے نتیجے کے طور پر ہم ان کا بروقت مقابلہ کر سکیں۔ وہ پالیسی کیا ہوگی، میری نگاہ میں اس میں سب سے پہلی چیز تو یہ ہوگی کہ خطرے کو، خرابی کو تسلیم کیجئے۔ جب تک آپ خرابی کو تسلیم نہیں کریں گے جب تک آپ چیلنج کو محسوس نہیں کریں گے، آپ اس کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ ہم نے چیزوں کو ignore کرنے کا راستہ اختیار کر رکھا ہے۔ اس طرح ہم چیلنج کا کبھی بھی مقابلہ نہیں کر سکتے۔ چوتھی بات یہ کہ آپ قوم کو اعتماد میں لیجئے۔ بلاشبہ بیرونی عناصر یہ بات کر رہے ہیں اور جیسا کہ میرے ساتھیوں نے کہا یہ چیز ممکن نہیں کہ بیرونی عناصر ملکی collaborator کے بغیر یہ کام انجام دے سکتے ہیں لیکن آپ قوم کو ذہنی اور عملاً اس مقابلے کے لئے تیار کیجئے، ہم نے افغانستان کی پالیسی جو اختیار کی ہے وہ سوچ سمجھ کر اختیار کی ہے اور ہم یہ جانتے ہیں کہ اس کے کچھ خطرات بھی ہیں۔ لیکن آپ قوم کو ان خطرات کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار کیجئے اور اس سے آگے بڑھ کر میں یہ بات کہوں گا کہ آپ مجھ سے دوسرے ممالک کا ذکر برابر کرتے رہتے ہیں لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ گذشتہ تیس سال میں یہ urban terrorism ایک

بن گیا ہے۔ اسے ہر جگہ کے حالات کی مناسبت سے استعمال کیا گیا universal problem ہے۔ آپ اس سے مستقل بچے نہیں رہ سکتے اس لئے اس کے خلاف تیاری ہمارے لئے ضروری ہے۔ قوم کو تیار کیجئے تاکہ قوم پوری طرح آپ کے ساتھ اس معاملے میں شریک ہو سکے۔

پانچویں بات یہ کہوں گا کہ آپ کی جو فورسز ہیں اور خصوصیت سے امن وامان قائم کرنے والی جو فورس ہے یعنی پولیس، اس کے متعلق آج تک جتنے سرویز ہوئے ہیں اور ان کے مطابق اگر کوئی ایک سروے بھی نہ ہوا ہوتا تو کسی عام آدمی سے پوچھ لیجئے، آج ملک میں سب سے زیادہ نفرت، سب سے زیادہ بیزاری اور سب سے زیادہ شکایت جس سروس کے بارے میں ہے وہ پولیس ہے۔ ایسا آخر کیوں ہو رہا ہے۔ وہ افراد جو by definition آپ کی جان کا تحفظ کرنے کے لئے مقرر کئے گئے ہیں آخر لوگ ان سے اتنے نالاں کیوں ہیں مصیبت یہ ہے کہ اس ملک میں کم از کم ۵ کمیشن میرے علم کی حد تک پولیس فورس کے بارے میں قائم ہوئے ہیں جنہوں نے حالات کا جائزہ لے کر رپورٹیں پیش کی ہیں لیکن ہماری قومی اور خصوصیت سے سرکار کی تو یہ عادت ہے کہ یہ تمام رپورٹیں دفن کر دی جاتی ہیں۔ ان پر کوئی عمل نہیں کیا جاتا۔ غالباً جی احمد رپورٹ پہلی تھی اس کے بعد کارنیلیئس رپورٹ آئی، مٹھہ کمیشن کی رپورٹ آئی اور مٹھہ کمیشن کی رپورٹ جو ۱۹۶۹ء میں پیش ہوئی ہے اور ۱۹۷۹ء تک اس کو غالباً پڑھا ہی نہیں گیا۔ ابھی حال ہی ایک پولیس کمیٹی نے رپورٹ دی ہے غالباً اگست ۱۹۸۵ء کے اندر، میں کہتا ہوں کہ ان تمام معاملات کا سنجیدگی سے جائزہ لیجئے۔ ۱۸۶۱ء میں جو پولیس ایکٹ بنا تھا اور جو مینوئل تیار کیا گیا تھا اس میں جو پولیس کے functions متعین کئے گئے ہیں ان میں سے دس میں آٹھ کا تعلق سیاسی یا مذہبی عناصر کی مخبری سے ہے اور صرف دو کا تعلق امن وامان سے ہے اور عملاً آج تک پولیس یہی کام کرتی رہی ہے۔ آپ کی پولیس فورس میں سات سو افراد پر ایک پولیس مین ہے اور ستر کیسز کے لئے آپ کے ہاں ایک تفتیشی افسر ہوتا ہے جو دنیا میں نہایت ہی کم proportion آپ کے ہاں رہا ہے۔ اس سے کہیں زیادہ غیر ممالک میں ہے پھر اس کا حل کیا ہے۔ آپ کا جو کانسٹیبل ہے وہ سکیل ۲ کا ہے جو پوزیشن آپ ایک نائب قاصد کو دیتے ہیں، ایک unskilled شخص کو، اس مقام پر آپ ایک کانسٹیبل کو لے کر کے آتے ہیں اور یہ کانسٹیبل وہ ہے جو جس وقت چاہے کم از کم ۲۴ گھنٹے کے لئے قانون کے تحت ہر

شہری کو اس کی آزادی سے محروم کر سکتا ہے اور by definition اگر وہ چاہے تو اس ملک کے معزز ترین، محترم ترین، نیک ترین اور عالم ترین شخص کو کم از کم ۲۴ گھنٹے کے لئے آزادی سے محروم کر سکتا ہے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ امریکہ میں کانسٹیبل کا جو سٹیٹس ہے وہ فوج کے کیپٹن کا ہے تاکہ وہ کسی کے بارے میں descertion استعمال کر سکے، اس کی تعلیم ہو، اس کی تربیت ہو، اس کے پاس کوئی تجربہ ہو، لیکن ہم نے ان تمام چیزوں کو نظرانداز کر دیا ہے۔ پھر پولیس میں جو کرپشن ہے وہ آخر کیوں نہ ہو، جناب والا! میں اس موقعہ پر حکومت کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ ایک طرف آپ کو اپنی پالیسی درست کرنا پڑے گی اور دوسری طرف آپ کو قوم کو تیار کرنا پڑے گا اور تیسری طرف جو امن وامان قائم کرنے والی فورس ہے اس کو فی الحقیقت قانون کو نافذ کرنے والی اور امن وامان قائم کرنے والی فورس بنانا پڑے گا۔ آج وہ لوگوں کی عزت لوٹنے والی فورس بن چکی ہے۔

آخری بات جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ جو حالات سامنے آرہے ہیں اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ بحیثیت قوم، قوم کو تیار کیجئے، خصوصیت سے فوجی تربیت کے لئے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارا ہر شہری اپنی حفاظت کر سکتا ہو۔ اسلحہ کے بارے میں پالیسی بدل لیجئے۔ جو پالیسی برطانوی دور میں اختیار کی گئی تھی وہ خاص خاص لوگوں کو اسلحہ دینے کی تھی۔ دنیا کا تجربہ یہ بتاتا ہے کہ وہ قومیں جن میں ایک عام آدمی کی فوجی تربیت ہے جہاں اسلحہ رکھنے کے مواقع ان کو حاصل ہیں۔ وہاں پر جان اور مال کے تحفظ کی کیفیت بہتر ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ امریکہ میں مختلف ریاستوں میں سے کچھ میں اسلحہ پر پابندیاں ہیں اور کچھ پر پابندیاں نہیں ہیں اور وہاں پر یہ controversy برابر چل رہی ہے کہ جن ریاستوں میں لوگوں کو یہ موقع حاصل ہے کہ وہ اپنا دفاع خود کر سکیں اور جن ریاستوں میں مجرم کو یہ پتہ ہے کہ عام شہری کے پاس بھی اتنا اسلحہ ہو گا کہ وہ اپنی حفاظت خود کر سکتا ہے وہاں پر جرائم کا تناسب بہت کم ہے۔ خود آپ کے قبائلی علاقوں کے اندر یہی چیز رہی ہے جہاں فوجی تربیت دی گئی ہے اور یہ دنیا کے مہذب ممالک کے اندر عام ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے اندر سٹینڈنگ آرمی بڑی کم ہے لیکن ہر شہری کو تربیت دی جاتی ہے۔ جرمنی میں، انگلستان میں، فرانس میں، ترکی میں، شام میں، ان تمام ممالک کے اندر ہر شہری کے لئے able bodied شخص کے لئے یہ ٹریننگ ضروری ہے۔ جو کچھ افغانستان میں ہو رہا ہے اگر خدانخواستہ کل ہمیں face کرنا پڑے تو

مجھے ڈر ہے کہ آپ کی قوم ان خطرات کو face کرنے کے لئے تیار نہیں ہوگی۔ اس لئے میں ان چار باتوں کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اور سب سے اہم چیز میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ خدارا ان خطرات کو نظرانداز نہ کیجئے، یہ صحیح پالیسی نہیں ہے، آپ قوم کو تیار کیجئے، خود تیار ہوئیے اور ہماری قوم میں یہ قوت ہے، یہ صلاحیت ہے۔ ماضی میں بھی اس نے صلاحیت کا ثبوت دیا ہے اور آج بھی اس میں یہ صلاحیت ہے کہ یہ ایک نہیں ایسے ہزار challenges کا مقابلہ کر سکتی ہے بشرطیکہ آپ ایمان، اعتماد، تنظیم اور دیانت کے ساتھ یہ کام انجام دینا چاہیں۔ وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، میرے خیال میں جناب خٹک صاحب آپ وائنڈ اپ کر دیں اور جو کچھ جواب میں کہنا ہے وہ بھی عرض کر دیں۔

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khatak:** Sir, first of all, I sincerely thank the eminent and illustrious speakers for drawing our attention to the problems that are confronting our country. Sir, before I proceed to discuss the various points raised, I would merely submit that as far as we are concerned as a Central Government, we have done our best to help and guide the Provincial Government to enable them to tackle the various problems that they have to face in their daily administration not only as result of the internal situation but as a result of foreign machinations of which there is no proof needed because they are quite visible. Sir, you would appreciate that provincial autonomy and provincial subjects are a matter on which if the Central Government interferes then a hue and cry is raised that the Central Government is striking or the Central Government is violating the principle of provincial autonomy. Inspite of that, Sir, I assure the honourable members of this House that the Central Government is doing its utmost to seek the eradication of crimes and elimination of the incidents which have become so numerous as the honourable members have pointed it out that there is seldom peace in certain areas.

Sir, an illustrious friend referred to the crimes in the United States of America where in certain streets weapons are freely given and in certain streets they are not given. I have been to America a number of times, Sir. The law and order situation that exists in America, Sir, the least I say about it the better. But let me tell the House this much that even in Washington D.C. after dinner I just wanted to have a walk. I was told to keep to the main street and not to go into the side street. Sir,

in New York, the biggest city in America, you cannot go after dusk in any park. Sir, I wanted to walk to the airport after having a good lunch and I was told not to get down there. This area was not safe. I could not walk there. So comparison is odd. I will not compare the state of affairs that exists in the America or the state of affairs that exists here but the incedents of crimes in America with regard to murder is so much that the States are seriously thinking of curtailing that freedom of the individual to poke his nose wherever he likes.

**Prof. Khurshid Ahmad :** Point of order, Sir.

**Mr. Cahirman :** Yes.

پروفیسر خورشید احمد : محترم وزیر داخلہ اس نقطہ کو پا نہیں سکے جو میں پیش کر رہا تھا اور وہ یہ تھا، امریکہ میں مجھے بھی پتہ ہے کہ کرائمز کی کیا situation ہے اور کیوں ہے۔ میرا پوائنٹ صرف اتنا تھا کہ امریکہ کی کچھ ریاستوں میں آرمز رکھنے کی اجازت ہے اور کچھ میں نہیں ہے اور جن میں آرمز رکھنے کی اجازت ہے وہاں مقابلتاً کرائمز کم ہیں۔ اور اس سلسلے میں ٹیکساس، بوسٹن خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ صرف اتنا پوائنٹ تھا۔ باقی امریکہ میں کیا ہو رہا ہے مجھے پتہ ہے اور میں بھی امریکہ میں ایک دفعہ نہیں سینکڑوں مرتبہ جا چکا ہوں۔

جناب چیئرمین : شکریہ،

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** I will not contest what the learned Professor has said. But opinion differs and may be that my experience, or my stay, say a long stay in the United States has not convinced me that freedom of purchasing arms has led to a greater security in those States. But, however, we both have our own point of views.

Sir, it was also alleged that I have said, or at least the Minister of State who is now an honourable Minister himself has said, that corruption could be eradicated. Well, Sir, let me say this much that once a very illustrious personality tole me that we people were very incompetent. I said, "Sir, I plead guilty; we are incompetent". He said, "I can settle the problem of corruption in two minutes." I said, "Sir, give us that panacea; give us that cure". He said, "It is simple".

"دینے والا دے نہ اور لینے والا لے نہ، تو کرپشن کہاں رہے گی"

تو جناب والا! میں علماء کرام سے بڑی مودبانہ عرض کروں گا کہ وہ اپنی تقاریر میں، مساجد اور جہاں ان کا اثر و رسوخ ہے وہاں رشوت کے متعلق، قتل کے متعلق، کرائمز کے

متعلق جہاد کریں اور یہ بھی ہمارے ساتھ شریک ہوں اور ہمیں راستہ دکھائیں کہ ہم کیا کریں۔
if they find us lacking in that, پھر وہ آکر ہم سے گلہ کریں۔

جناب والا! ایک دوست نے فرمایا، کہ ہم نے ایک فارن ایجنسی انٹرپول سے مدد مانگی ہے لیکن اپنی قوم کو یہ بات بتائی نہیں I plead guilty to that انٹرپول کے ڈائریکٹر کے ساتھ میری کئی بار ملاقات ہوئی، ان سے میں نے یہ بھی ذکر کیا کہ ہمارے ہاں اس قسم کے کرائمز اور اس قسم کے قتل ہو رہے ہیں۔ جناب والا! ان کو معلوم ہے کہ انٹرپول بین الاملکی یعنی انٹرنیشنل آرگنائزیشن ہے جو کہ مختص ہے جو کرائمز کی ہر نوعیت پر مختص ہے جس طرح سکاٹ لینڈ یارڈ میں ایک برانچ موجود ہے۔ وہاں کی پولیس انڈیپنڈنٹ ہوتی ہے لیکن جب ایسے کرائم ہوں جن کی نوعیت یا جن کے متعلق وہ معلومات حاصل نہ کر سکیں تو وہ سکاٹ لینڈ یارڈ کو اپنی مدد کے لئے بلاتے ہیں۔ اور اگر ان سے بڑھ کر کوئی کرائم ہو، جو بین الاملکی ہو، انٹرنیشنل ہو، تو وہ انٹرپول سے بھی مدد لیتے ہیں۔ میں نے ان کی بھی رائے پوچھی، اور میں کئی بار اس ہاؤس میں بھی کہہ چکا ہوں، جناب والا! جہاں تک حکومت کا تعلق ہے We are exploring all possible avenues جن کے ذریعے سے ہم اس پر قابو پا سکیں کہ اس قسم کے کرائمز کی انویسٹی گیشن ہو سکے اور اس قسم کے کرائمز کے مجرموں کو ہم سزا دے سکیں۔ البتہ یہ ہے کہ میرے پاس ایک لسٹ ہے اور معلوم نہیں کہ اس کی وجہ کیا ہے کہ صوبہ سرحد میں جتنے کرائمز ہوئے ہیں ان کی انویسٹی گیشن کامیاب رہی ہے۔ لیکن کم از کم یہ معلومات حاصل ہو چکی ہیں کہ who has committed those crimes
The criminals have either absconded or have gone away.
لیکن پنجاب اور سندھ میں
these are still untraced & investigations or proceedings in the various crimes that have taken place in the area...........

باقی جناب بے ہوشی کے متعلق بھی ہمارے پاس ابھی تک اس کا کوئی direct evidence نہیں جتنے کرائمز ہوئے ہیں جتنی میڈیکل رپورٹیں ہمارے پاس پہنچی ہیں ان کے متعلق کہیں بھی نہیں کہا گیا کہ یہ جتنے کرائمز commit کئے گئے ہیں پہلے لوگوں کو بے ہوش کیا گیا۔

It means that the medical opinion has not confirmed this view that these people are in any way given some kind of drug which has

made them senseless. That is correct Sir, that "*Hathora*" (Hammer) has been used, and Sir, as an honourable member has said that the hammer is a sign of a particular country, but it has not always been a "*hathora*", but there have been other types of blunt weapons which have also been used in these murders. Sir, our present state of affairs has been compared with some years back. The honourable members know fully well that what is the present position in Pakistan today. What powerful forces inimical to our interest or to our national existence are on our border. There was a time when in Afghanistan there used to be a Government who might have been shouting loud but they never gave us any problem or created any trouble.

Today, Sir, we are also being punished for the crimes or for the alleged crimes that we are Muslims. We have offered hospitality to our brothers in distress from across the border. Sir, for this, our opponents are blaming us and I feel that they would do every thing to harnass us and to make our position untenable and to make the Government unpopular. Sir, incidents like that, when our relationship with a neighbouring country is not as it should be are not good. One honourable member made a suggestion or an insinuation that all these crimes or all these bomb explosions were taking place with the connivance of a political party within our country. Sir, I assure the honourable member that there is nothing of this kind where any proof has coeme to our possession and where we could lay our own hands on a particular individual or a particular group or a particular party. A political party of some stature is directly involved in it. I entirely agree with him that saboteurs, Pakistan saboteurs, it is possible to be hired by our enemies from across the border to commit crimes in our country and their names are known to us. Some of them have been apprehended, some of them have been caught and for the others we are looking for.

Sir the honourable member has also mentioned that we are busy in tapping telephone. If there is some agency over and above the Interior Ministry, then I have no knowledge of that. But as far as I know, according to our present law, no telephone can be tapped without the sanction of the Prime Minister or the Ministry of Interior and I assure him that no such order has been issued either by the Prime Minister or the Ministry of Interior. Sir, as far as these crimes are concerned, the various brutal murders that have been committed most of them in Frontier, as I have previously said, have been traced, and I

would just mention case No.I. The accused have been tried by Special Military Court and all of them have been convicted to life-imprisonment. In another crime Sir, the accused have been tried by Special Military Court and all of them have since been sentenced to death. In the third case, the court has sentenced one accused to life-imprisonment and the judgement in respect of three accused has been reserved. In case No. 4, the case has been sent to the Special Military Court where the decision is pending and the case now has been transferred to the Civil Court. A case of an absconding accused was tried in absentia in the Special Military Court and the following sentences were given to him *i.e.* rigorous imprisonment for 14 years, fine of Rs. 70,000 or in fault to go for further imprisonment of two years and in the sixth case, the accused have made their confessional statements before the Magistrate, they have been duly challaned and the case is pending for trial in the court. In the 7th case Sir, which is the case to which my friend referred to that probably there has been something from the Police side. I assure him that I will re-investigate this case not from the judicial point of view but I will certainly re-investigate to see whether the allegation that the Police used third-degree force in order to get confession, was true or otherwise. I did secretly send it to FIA and their report was that there was no truth in that but Sir, in order to ensure I would certainly sent it again to them.

Now Sir, with the Punjab urfortunately case No. 1 is under investigation. Case No. 2 is under investigation and the investigation is in progress. In case No. 4, the investigation is in progress. In case No. 5, the investigation is in progress. Sir, in case No. 1, the case is under investigation. In case No. 2, the dead bodies remaned unidentified, the investigation of the case is in progress. In case No. 3, the investigation of the case is still in progress. In case No. 4, Sir, Safdar Zaman has recovered completely and the investigation is in progress. Case No. 5 is under investigation. In case No. 6, the throat of the deceased was cut with the sharp weapon and the investigation is in progress. In case No. 7, the dead bodies of all the deceased had heavy injuries caused by hard and blunt weapons and the investigation of the case is in progress. Sir, in case No. 8, both of these had sustained heavy injuries and the case is under investigation. In case No. 9, the injured persons were removed to hospital where they had succumbed to their injuries and the investigation is in progress. In case No. 10, exactly Sir, Sakhi Ahmed also disclosed name of Gul Imran, a tribal

and Afghan from Kohat regarding his likely involvement in the murder and the investigation is in progress. In another case, the Sukkur Sir, the accused were removed to hospital where they have succumbed to their injuries. The investigation is in progress. Similarly in Azad Jammu and Kashmir, the investigation is in progress. Now, at times, I don't know, Sir, why the Frontier Police has been successful in bringing to book the assassins and why probably enough data has not been available to the Police of other provinces. The deduction, Sir, is that according to the opinion of the Committee that was formed to look into these crimes, almost all murders have been committed by hired professional assassins, cooperation by general public has been miserably lacking due to general lack of confidence. All incidents involving heinous and brutal killings have been committed with deliberate and meticulous planning. There is strong indication of active participation of inside men well versed with details of premises and occupation. Sir, like that, if I go on, I don't think much useful purpose would be served. Some people believe that dacoity was not the real or main cause. Money dispute could be in the possible cause but no evidence of this is available. Apparently there is no evidence of political motive that one political party is doing this thing but that does not exclude any foreign involvement in it. You see Sir, terrorism can not be excluded. That may be the terrorists activities as well. So Sir, the point is that I entirely agree with the honourable member that dacoities have increased and the crime is on the increase. There is no denying the fact but at the same time, I would assure him that as far as the Government is concerned, both at the Centre and in the provinces is quite busy at it. the Central Government has now recently sanctioned additional Police force so that the additional Police force is available to them to combat such crimes. At the present moment, I think the figure given by honourable member was 700 per head, but in fact, when the other duties of the Police are taken in to account, I think the figure comes to about 1400 1500 people per head. So Sir, this is the situation. I am very grateful to you for having given me the time but I share the anxiety of the members. But at the same time I assure them that as far as the Government is concerned, we are fully aware, fully conscious of it, both at the centre and in the provinces and we shall be very very grateful for any assistance and help that our honourable members can

give or any ways and means they can suggest for combating the crime. Thank you Sir.

**Mr. Chairman :** Thank you very much.

پروفیسر خورشید احمد: میں صرف ایک سوال محترم وزیر سے کرنا چاہتا ہوں کہ پولیس جو آپ کو کام کی پراگریس رپورٹ دیتی رہتی ہے تو کیا آپ کے پاس کوئی ایسا انتظام نہیں ہے جس سے آپ کو صحیح صورت حال کا علم ہوتا رہے اور جو افراد اپنا فرض ادا نہیں کر رہے ان کو آپ سزا دیں ؟

**Mr. Chairman:** The very fact that the honourable Minister mentioned these facts before the House is indicative of his concern as to why these things are not being processed expeditiously, and I am sure once they take cognizance of this and take the House also into confidence the whole purpose will be served. He will be looking into it further but......*(Interruption)*.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** Exactly Sir. Somehow or other, I have a habit never to keep something concealed from the House Sir. I have put before them something that another person probably would have put it in different words. But I have given it to him in bare words so that the House knows exactly what the position is, but I assure him that we are at it and we would like to see as to why these things are not fully investigated and the criminals brought to book.

**Mr. Chairman :** This brings us to the end of the discussion on these motions. They can be deemed to have been talked out. The House is now adjourned to meet again on Sunday at 4.30 p.m. as a private member's day. Thank you.

---

[*The House adjourned to meet again at half past four of the clock, on sunday, the 9th February, 1986*].

---

PCPPI–2375(86)/Senate–31-3-87–300.

are being taken and means they can suggest to contribute their [illegible] Sir.

Mr. Chairman: Thank you very much.

[illegible]

Mr. Chairman: The very fact that the honourable Minister mentioned these facts before the House is indicative of his concern as to why these things are not being processed expeditiously, and I am sure once they take cognizance of this and take the House also into confidence the whole purpose will be served. He will be looking into it further. (Interruption)

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: Exactly Sir. Somehow or other, I have a habit never to keep something concealed from the House, Sir. I have put before them something that another person probably would have put it in different words. But I have given it to him in our words so that the House knows exactly what the position is, but I assure him that we are dissatisfied and we would like to see as to why these things are not being investigated and the criminals brought to book.

Mr. Chairman: This brings us to the end of the discussion on these motions. They can be deemed to have been talked out. The House is now adjourned to meet again on Sunday at 4.30 p.m. as [illegible] members' day. Thank you.

[The House then adjourned to meet again at [illegible] of the clock on Sunday the [illegible] February, 19[illegible].]